٣- ۔ الذریعہ ؛۔ آغا بزرگ تہرانی، ج ١۵، ص ١٨ ۔

محمد باقر علیه السلام اور امام زین العابدین علی علیه السلام ابن الحسین علیه السلام ک□ بی□□ زید الش□ید پر ختم □وتی □□ ک□ جس□ ان□و□ ن□ اپن□ والد س□نقل کیا □□□

۲□ متن

تحقیق کا ایک و□ طریق□ جس پر آج کل گذشت□ زمان□ کی ب□ نسبت زیاد□ اعتماد کیا جاتا □□ و□ ی□ □□ ک□ خود متن صاحب متن کی پ□چان ک□ لی□ کافی □□□ اس ج□ت س□ ب□ی □م اطمینان حاصل کر سکت□ □ی□ ک□ صحیف□ کی امام علیه السلام کی طرف نسبت دینا درست □□□

صحیف□ کا متن دو طرح س□ کمال ک□اوج پر □□□

۱□ فصاحت و بلاغت□

۲□ اصل مضمون□

صحیف□ کی فصاحت و بلاغت

صحیف□ کی فصاحت و بلاغت اور حسن و جمال ک□ تمام پ□لو صاحبان ذوق ک□ لی□ عیا□ □ی□ ک□ ان می□ س□ بعض ک□ اقوال کی طرف اشار□ کیاجار□ا□□:

عظیم المرتبت ادیب(سید علی خان مدنی صاحب شرح کبیر صحیف□ ٔ سجادی□؛ریاض السالکین)صحیف□ ک□ ادبی و بلاغی نکات ک□ متعلق تحقیق ک□ بعد اپنی شرح ک□ مقدم□ می□ لک□ت□ □ی□:

و اما بلاغ□ بیان□ا و براع□ تبیان□ا فعند□ا تسجد سحر□ الکلام ؛ و تذعن بالعجز مدار□ الاعلام...؛

صحیفہ کا بلیغ بیان اور مضامین کی فضیلت اس طرح بیان ہوئی ہے کہ ساحران سخن اس کے سامنے سجدہ ریز ہوجاتے ہیں اور بڑے بڑے دانشور اس کے مقابلے میں اپنی کم مائگی کا اقرار و اعتراف کرتے ہیں۔(۱)

ابن شہر آشوب ا لمناقب میں اس کے بارے میں ایک قصہ نقل فرماتے ہیں:

”انّ بعض البلغاءبالبصرہ ذکرت عندہ الصحیفہ الکاملہ فقال: خذو ا عنّی حتی املی علیکم مثلھا ؛ فاخذ القلم و اطرق رأ سہ فما رفعہ حتّی مات“ بصرہ کے بعض ادباء کے سامنے صحیفۂ کاملہ کا ذکر ہوا تو ان میں سے ایک نے کہا: اسے اپنے پاس ہی رکھو تاکہ میں خود

تمہارے لیے ا یسا صحیفہ بیان کر وں،پھر اس نے قلم ہاتھ میں لیا،اپنا سر نیچے

جھکایا پھر اس نے سر نہ اٹھایا یہاں تک کہ اس دنیا سے چل بسا۔ مرزا عبداللّہ

افندی ؛ صاحب کتاب ریاض العلماء، صحیفۂ ثالثہ سجادیہ کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

صحیفہ کی دعاؤں کا تواتر،معانی کی عظمت،لفظوں کی لطافت اور عبارتوں کی طراوت اس طرح کی ہے کہ اس نے دوسروں کو اپنے سامنے عاجز و خاموش کر دیا ہے۔(۲)

صحیفہ کا اصل مضمون

صحیفہ کے مضمون کی عظمت کے لیے یہی کافی ہے کہ بڑے بڑے علماء وحکماء نے اس کی شرح اور حاشیہ لکھنے پر کافی توانائیاں صرف کی ہیں۔ صحیفہ کے مضامین ا یسے ہیں کہ اہل

۱- ۔ ریاض السّالکین ،سید علی خان مدنی ؛ ج۱ ،ص ۵۱ ۔

۲- ۔ الصحیفہ الثالثہ السجادیہ،مرزا افندی اصفہانی ؛ ص ۴ ۔ ۵ ۔

فکر کیلیے بھی معنوی غذا فراہم کرتے ہیں اور اہل دل کو سیراب بھیکرتے ہیں اس کے متعلق بعض بزرگوں کے کلمات کونقل کرتے ہیں۔

حضرت امام خمینی کتاب

آداب الصلاۃ میں فرماتے ہیں:

ائمہ اطہار علیہم السلام کے کلمات میں سے صحیفۂ سجادیہ کوایک خاص اہمیت حاصل ہے کہ یہ نورانی صحیفہ اسمان عرفان سے عارف باللہ حضرت سید الساجدین علیہ السلام کی نورانی عقل پر نازل ہوا ہے، خدا کے بندوں کومادیت کی قید سے نجات دلاتا ہے،بندگی کے ادب بتاتا ہے، اور پروردگار کی بارگاہ ملکوتی میں حاضر ہونے کے لیے ہنر سکھاتا ہے۔(۱)

محقق میر داماد بھی اس صحیفہ سے متعلق اپنے تعلیقہ کے مقدمہ میں فرماتے ہیں:

”انّ فی انجیل اہل بیت علیه السلام و زبور آل محمد | رموزا سماویہ و الفاظاً الہیہ؛ و اسالیب وحیانیّہ و...(۲) بے شک انجیل اہل بیت علیہم السلام اور زبور آل محمد | آسمانی و آفاقی اسرار و رموز، الہی الفاظ اور وحیانی اسلوب وغیرہ پر مشتمل ہے“۔

عارف کامل اور علم اصول کے ماہر محقق اصفہانی (کمپانی) بھی اپنے اشعار میں یوں گویا ہیں:

بل ہی ام الصحف المکرمہ جوامع الحکمہ

منہا محکمہ

بل الحروف العالیات طرّا تحکی عن اسمہ

العلیّ قدرا۔(۳)

ص: ۴۹

۱- ۔ آداب الصلاۃ ،حضرت امام خمینی ،ص ۹۲ ۔

۲- ۔ شرح صحیفہ ،میر داماد، ص ۴۳ ۔

۳- ۔ حاشیہ المکاسب ؛ شیخ محمد اصفہانی ؛ ج ۱ ،ص ۱۵ ۔

بلکہ یہ مکرّم و معزّز صحیفوں کی اصل و اساس ہے جو تمام حکمتوں کا مجموعہ ہے بلکہ اس کے تمام حروف عالی ہیں جو اپنے بلند وبالا نام کی قدر ومنزلت کی حکایت کرتے ہیں۔

صاحب تفسیر طنطاوی بھی ایک خط میں آیۃ اللہ مرعشی نجفی کو خطاب کر کے صحیفہ کے بارے میں رقم طراز ہیں:

”من سوء حظّنا انناالی الآن لم نظفر بھذا الا ثر القیّم الخالد من تراث النبیّ و اھل بیتہ و انا کلّما انظر فیھا اری انّھا فوق کلام المخلوق و دون کلام الخالق“(۱)

مذکورہ بالا۔ نظریات بیان کرنے کی غرض فقط صحیفہ کے اعلیٰ مضمون اور روح مطلب کی طرف متوجہ کرنا تھا۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہ صحیفہ خود اپنے اوپر گواہ ہے اور اس خوبصورتی کے ساتھ فریاد کر رہا ہے کہ:میں” زین العابدین علیہ السلام “و ”سید الساجدین علیہ السلام “ کے اس

معدن و موتیوں کے دریا میں سے نایاب گوہر ہوں۔

۳۔ سند

صحیفہ کی وثاقت پر اصل مضمون اور توا تر کے ہوتے ہوئے سند کی تحقیق کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی، لیکن پھر بھی اگر سند میں کوئی بات قابل اعتراض ہو بھی تو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ صحیفہٴ سجادیہ کے مختلف اسناد مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ سند محمدا بن وارث:صحیفہٴ ثالثہ میں اس کی طرف اشارہ کیاگیا ہے۔ (۲)

۱- ۔ مدیر کاظم شانہ چی سے نقل شدہ صحیفہ کے مقدمہ میں ص ۵۰ ہ ”یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ ہم نے ابھی تک اس گراں قدردائمی وابدی خزانہاور میراث نبوت سے استفادہ نہیں کیا میں نے جتنا بھی صحیفہ کا مطالعہ کیا اسے کلام خالق سے نیچے اور کلام مخلوق سے بلند پایا ہے“۔
۲- ۔ صحیفہٴ ثالثہ ، میرزا عبداللہ افندی ، ص ۱۱ ۔

۲ سند ابن شاذان: صحیفۂ ثالثہ میں بھی اور بحارالانوار میں بھی اسےنقل کیا گیا ہے۔[(۱)]

۳ سند علی ابن محمد خزّار قمی(شیعوں کے قدما ءمیں سے ہیں)کتاب کفایۃ الاثر میں مذکور ہے۔ [(۲)]

۴ سند نجاشی کتاب رجال میں۔[(۳)]

۵سند شیخ طوسی کتاب

الفہرست میں۔[(۴)]

۶ صحیفہ کے اول میں جوسند موجود ہے۔

۷ اس نسخہ کی سند ۴۱۶

ھجری قمری میں ابوبکر محمدا بن علی کرمانی سے نقل ہوئی ہے۔[(۵)]

اس مختصر کتاب میں دیگر اسناد کو ذکر

اور تحقیق کرنے کی گنجائش نہیں ہے، لیکن ایک سند جو صحیفہ کے شروع میں اکثر بیان

ہوتی ہے اور اسے ایک دوسری روایت سےنقل کیا گیاہے کہ جس کا تعلق پانچویں صدی سے ہے۔ اس سند کے راویو ں کا نجاشی کی سند، شیخ طوسی کی دو سندوں اور

۴۱۶ ھجری قمری کے قدیمی ترین نسخہ کے ساتھ موازنہ درج ذیل جدول کی صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔

ص: ۵۱

۱- ۔ صحیفۂ ثالثہ ، ص ۱۲۷ ؛ بحارالانوار ، علامہ مجلسی ، ج۸۷، ص ۳۰۸۔

۲- ۔ کفایۃ الاثر ، علی ابن محمد خزّار قمی ، ص۳۰۲ ؛ الصحیفۃ الجامعۃ ، مؤسسۂ امام مہدی(عج) ص ۶۳۱

۳- ۔ رجال ؛ نجاشی ؛ شمارہ ۱۱۴۴۔

۴- ۔ الفہرست ، ص ۵۷۹۔

۵- ۔ مقدمۂ صحیفۂ سجادیہ ، کاظم مدیر شانہ چی ، ص ۴۱ ؛جس وقت امام رضا علیہ السلام کے حرم مطہر کی تعمیر نوجاری تھی تو ایک صندوق میں کئی جلد کتابوں کے ساتھ ، یہ سند بھی ایک خطی نسخہ کی صورت میں موجود تھی اور اس کتاب کی تاریخ ۴۱۶ھجری تھی امام رضا علیہ السلام تحقیق اسلامی فاؤنڈیشن والوں نے استاد کاظم مدیر شانہ چی کے عالمانہ مقدمہ اور تحقیق کے ساتھ اسے شائع کیا ہے۔

□مار□زمان□

کی معروف اور رائج سندجو صحیف□ ک□ شروع می□ موجود □□□

سند

نجاشی

سند شیخ طوسی

سند شیخ طوسی

[۴۱۶□□ق]

ک□قدیمی نسخ□ کی سند

امام علی ابن الحسین علیه السلام

امام

علی ابن الحسین علیه السلام

امام

علی ابن الحسین علیه السلام

امام

علی ابن الحسین علیه السلام

امام

علی ابن الحسین علیه السلام

زید ابن علی علیه السلام

زیدابن

علی علیه السلام

زید

ابن علی علیه السلام

زید۱ابن

علی علیه السلام

زید

ابن علی علیه السلام

یحیی ابن زید

یحیی

ابن زید

یحیی

ابن زید

یحیی

[1]ابن زید

یحیی

۱ابن زید

متوکل

ابن □ارون

متوکل

متوکل

متوکل

متوکل

ابن ہارون

عمیر ابن متوکل ثقفی بلخی

علی

ابن نعمان اعلم

عبد

اللہ ابن عمر ابن خطاب زیات

ابو

عبد اللہ جعفرابن محمد حسینی

ابو

مفضل محمد ابن عبد اللہ شیبانی

ابو

منصور محمدابن محمد عکبری ابو عبد اللہ محمد ابن احمد شہر یار بہاءالشرف محمد

ابن حسن علوی

عمیر

ابن متوکل ثقفی

ان

کہباپ سے

محمد ابن مطہرابن اخی طاہرحسین ابن عبید اللہ

عمر

ابن متوکل

ا

پن□ باپ س□

محمد

ابن مط□ر

ابن

اخی طا□ر

تعلکبری

جماع□

عمر

ابن متوکل

اپن□

باپ س□

محمد

ابن مط□ر

ابن

اخی طا□ر

ابو

بکر دوزی

احمد

ابن عبدون

عمیر

ابن متوکل

محمدابن

صالح

احمدابن

عبد الله

علی

ابن مالك

ابو

علی محمد ابن همام ابن سهل ا سکافی

ابو

الحسن محمد یحیٰ دهنی بندار ابن یحیی بزوزن

حدثنا

نجاشی

شیخ طوسی

شیخ

طوسی

ابو

بکر محمد ابن علی کرمانی

جو چیز سند مشہور میں قابل اعتراض قرار پائی ہے اور پہلے مرحلے میں اس کے ضعیف ہونے کا سبب بن سکتی ہے

درج ذیل چند چیزیں ہیں:

۱۔ حدثنا کہنے والا معلوم نہیں ہے۔

۲۔ ابومفضل شیبانی کی تضعیف کی گئی ہے۔

۳۔ صحیفہ کا پہلا راوی

متوکل ابن ہارون مجہول ہے۔

۱۔ قائلِ حدثنا:” حدثنا“

کہنے والے کے بارے میں دو نظریے پائے جاتےہیں:

شیخ بہائی کہتے ہیں

کہ: وہ ابوالحسن علی ابن محمد ابن محمد ابن سکون حلّی (ابن سکون) متوفیٰ ۶۰۶ ہجری قمری ہیں۔

میر داماد کہتے ہیں: وہ

عمید الرّؤسا ہبۃ اللہ ابن حامد ابن احمد ابن ایوب لغوی مشہور ہیں۔

قابل ذکر ہے کہ دونوں ہی احتمال مساوی ہیں،کیوں کہ دونوں کا مقام و رتبہ ایک ہے اور قابل اعتماد ہیں۔

۲۔ ابو مفضل شیبانی:

یہ وہ شخص ہے جسے شیخ طوسی نے صحیفہ کے راویوں کے درمیان، مذکورہ سند کی بنیاد پر،اس پر اعتراض کیا ہے اور اسے ضعیف قراردیا ہے۔ شیخ طوسی شیبانی کے بارے میں کہتے ہیں:

”کثیرالروایۃ،حسن الحفظ الّا أنّہ ضعّفہ جماعۃ من اصحابنا“(۱)

نجاشی اس کے حالات میں

لکھتے ہیں:

۱- □ الفهرست ، شیخ طوسی ، ص ۲۹۹ ، شمار□ ۶۵۱ □

” كان سافر فی طلب الحديث عمرہ، اصلہ كوفی، وكان فی اوّل امرہ ثبتاً ثمّ خلّط، و رأیت جلّ اصحابنا يغمزونہ و یضعّفونہ ...“

”رأیت ہذا الشيخ و سمعت

منہ كثيراً ثمّ توقّفت عن الروايۃ عنہ الّا بواسطۃ بينی و بينہ۔“(۱)

جو کچھ نقل ہوا ہے،اس سے پتہ چلتا ہے کہ ابو مفضل شیبانی شروع میں شیعہ علماء کے لیے قابل اعتماد تھا اور بعد میں اس کا رجحان زیدیہ مذہب کی طرف ہو گیا، یہی وجہ ہے کہ شیعہ علماء اس سے دور ہوگئے، اس کی تضعیف کی تنہا وجہ اس کا آخری عمر میں مذہب زیدیہ سےمنسوب ہونا ہے۔

اس کے جواب میں کہنا پڑے گا کہ :پہلی بات تو یہ ہے کہ اس کی روایات صحیح العقیدہ ہونے کے وقت صحیح ہیں،

دوسری بات یہ ہے کہ ایک فرقہ کی طرف صرف نسبت شخصی روایات کے مسترد ہونےکی دلیل نہیں بنتی،کیونکہ علم درایہ میں روایات کے معتبر ہونےکی دلیل فقط راوی کا قابل اعتماد ہونا ہے ؛ اس کے غلط عقیدہ اور مذہب سے کوئی سرو کار نہیں ہوتا ہے اسی وجہ سے میر داماد،نجاشی کا کلام ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ:

خود نجاشی دیگر متعدد راویوں کے حالات زندگی میں اکثر مقامات پر اس کا نام لیتے ہیں اور اس کے اسنا د پر اعتماد کرتے ہیں۔(۲)

ایک اور اہم بات یہ ہے کہ شیخ مفید، ابن غضائری اور ابن اشناس جیسی بزرگ ہستیاں جو شیخ طوسی کے اساتذہ میں سے ہیں، صحیفۂ کاملہ کو ” شیبانی“ سے نقل کرتی ہیں۔ اس بات سے

ص: ۵۴

۱- ۔ رجال ،نجاشی ، ص ۳۹۶ ، شمارہ ۱۰۵۶۔

۲- ۔ شرح الصحیفہ؛ میر داماد ؛ ص ۴۹ ۔

واضح ہوتا ہے کہ شیبانی سے صحیفہ نقل کرنا؛ اس کے صحیح العقیدہ ہونے کے وقت ہے اور یہ بھی بیان کیا گیا کہ اگر اس وقت کے علاوہ بھی نقل ہوا ہو تو کوئی مشکل پیش نہیں آتی ۔

۳۔ متوکل ابن ہارون: کہا جاتا ہے کہ: رجال کی کتابوں میں اس کا کوئی ذکر نہیں ہے

لہذااس کی حیثیت معلوم نہیں ہے ؛ اگرچہ ممکن ہے حقیقت میں وہ بزرگ ا ور موثق افراد میں سے ہو ۔ میر داماد اس کے بارے میں لکھتے ہیں:

متوکل کی وثاقت پر اصحاب سے کوئی نص و روایت نقل نہیں ہوئی ہے۔(۱)مگر یہ کہ شیخ الدین حسن ابن داؤد نے اپنی کتاب میں اسےمؤثق افراد کے زمرے میں ذکر

کیا ہے۔ (۲)

نتیجہ

۱۔"صحیح،، کی اصطلاح کا استعمال قدماء اور متأخرین کے نزدیک مختلف ہے کیونکہ قدماء ا س روایت کو صحیح سمجھتے ہیں جس کے صحیح ہونے پر قرائن موجود ہوں ؛ اگرچہ اس کی سند مرسل یا ضعیف ہی کیوں نہ ہو یہ قرائن آج ہمارے پاس موجود نہیں ہیں ان میں سے ایک قرینہ روایت کا " اصول اربع مائۃ" میں موجود ہونا ہے۔ صحیفہ کو قدماء میں سے مشایخ کی ایک تعدادنے نقل کیا ہے اور ان کے نزدیک یہ مشہور اور قابل قبول ہے۔ اس بنا پر صحیفہ کی روایت کے صحیح ہونے کا حکم لگایا جاسکتا ہے ۔

۲۔ اگر متعدد قابل اعتماد وموثق افراد نے کسی شخص سے حدیث نقل کی ہے تو یہ بات اس شخص کے

منقولات پر اعتماد کی وجہ سے ہے۔

ص: ۵۵

۱- ۔ شرح صحیفہ؛ میر داماد ؛ ص ۵۱ ۔

۲- ۔ رجال ابن داؤد حلی ۲۸۳ ۔

۳۔ ابو مفضل کے عقیدہ بدلنے سے اس کے نقل شدہ اقوال پر کوئی اثر نہیں پڑتا(حتی اس کے صحیح العقیدہ نہ ہونے کے دور میں بھی)،اور اس کے صحیح العقیدہ ہونے کےدور میں اس کے نقل شدہ اقوال پر تو اعتراض کی کوئی گنجائش ہی باقی نہیں رہتی ۔

ص: ۵۶

چوتھی فصل

صحیفہ کے تراجم، لغت نامہ، تکملہ اور شرحیں

ص: ۵۷

اکثر دینی، حدیثی اور دعائی متون پر مشتمل تدوین شدہ کتب مندرجہ ذیل اہداف میں سے کسی ایک ہدف کے تحت تحریر کی جاتی ہیں:

۱۔ان متون کے دیگر زبانوں میں تراجم

۲۔ محقق کو رہنمائی اور

آسانی فراہم کرنا تاکہ وہ اپنا مدّنظر موضوع،عبارت یا لفظ تلاش کرسکے۔ اس ہدف کی بنیاد پر دستیاب کتب کی دو قسمیں ہیں:

الف:الفاظ کی بنیاد پر لغت نامے

ب: موضوعی لغت نامے یا موضوعی معاجم۔

۳۔ شرحیں: ایسی کتابیں

جو توضیح اور تفسیر پر مشتمل ہوتی ہیں، ان کی بڑی دو قسمیں ہیں:

الف: شرح لغات یا شرح مفردات جو"قاموس"یا"تفسیر غریب اللغات"یا"فقہ اللغہ"یا" لغت نامہ"سے موسوم ہیں۔

ب:اصل مضمون کی وضاحت ہوتو اسے شرح ؛ تعلیقہ یا حاشیہ کہا جاتا ہے۔

۴۔ایسی کتابیں جو ان متون کی کمی اور نواقص کی تکمیل کے لیے لکھی جاتی ہیں انہیں "تکملہ"یا" مستدرک"کہاجاتا ہے۔

صحیفۂ سجادیہ کے بارے میں بالا مذکورہ تمام صورتوں میں کتب تدوین ہوئی ہیں کہ جنہیں ہم آنے والی فصلوں میں بیان کریں گے۔

ص: ۵۹

تراجم

بادشاہ صفوی کے دور میں شیعہ دانشمندوں کے درمیان فارسی زبان میں لکھنے کی تحریک کا آغاز ہوا اوربہت سے دانشمندوں نے فارسی کتب کی تصنیف اور دینی کتب کے فارسی تراجم کا کام شروع

کیا،اسی لیے صحیفۂ سجادیہ کا قدیمی ترین ترجمہ صفوی دور کا جاننا چاہیے۔

آغا بزرگ تہرانی نے اپنی کتاب الذریعہ میں اس دورکے تقریباً پانچ تراجم کاذکر کیا ہے کہ جن میں سے دو ترجمے بغیر نام کے ہیں۔(۱) ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

۱۔ بعض اصحاب (علماء)سے صحیفۂ سجادیہ کا ترجمہ: یہ ترجمہ ۱۰۵۹ ہجری قمری میں تمام ہوا اور اس کا ایک نسخہ رضویہ میوزیم میں خرم علی انصاری کے ہاتھ کا لکھا ہواموجود ہے۔ صاحب الذریعہ نے اس کا ایک اور نسخہ حاج شیخ عباس قمی کے پاس بھی دیکھا ہے۔

۲۔ بعض دیگر اصحاب (علماء) سے صحیفہ کا ترجمہ ۔

۳۔ آقا حسین ابن جمال الدین محمد خوانساری (متوفی ۱۰۹۸ ہجری قمری)کا ترجمہ آقا جمال الدین خوانساری کی تالیفات کے ضمن میں صحیفۂ سجادیہ کے ترجمہ کا ذکر کیاگیا ہے،(۲) اگرچہ ان کے والد کے حالات میں کوئی بھی ترجمہ نقل نہیں ہوا ہے، لیکن صاحب الذریعہ نے اس ترجمہ کی ان کے والد کی طرف نسبت دی ہے۔

۴۔ محمد صالح ابن محمد باقر روغنی قزوینی کا ترجمہ: یہ شیخ حر عاملی کے ہم عصر تھے، ابتدا میں صحیفہ کی عربی میں شرح

ص: ۶۰

۱- ۔ الذریعہ؛ آغا بزرگ تہرانی ؛ ج ۴؛ ص ۱۱۱ ۔ ۱۱۲ ۔

۲- ۔ فصل نامہ علوم حدیث ، خوانساری کے خاندان اجلاس میں چوتھے سال کے مخصوص مجلہ میں شمارہ ۱ ، ص ۱۱۳ ۔

لکھی، بعد از آں فارسی شرح لکھی۔ چوں کہ ان کے پیش نظر بعض لوگوں کے لیے دعا کے الفاظ کے معانی سمجھنا

مشکل تھا اس لیےدعاؤں کے الفاظ کا ترجمہ کیا، مزیدصحیفہ کے ملحقات کا بھی ترجمہ کیا۔

۵۔ آقا محمد ہادی ابن مولیٰ محمد صالح مازندرانی (متوفی ۱۱۲۰ ہجری قمری) کاترجمہ انہوں نے یہ ترجمہ

۱۰۸۳ ہجری قمری میں مکمل کیا تھا۔

صحیفہ کے ان تراجم کے علاوہ اب تک متعدد دیگر ترجمے بھی کیےگئے ہیں کہ ان میں سے ہم بعض کی طرف اشارہ

کررہے ہیں :

۶۔ محمد علی چہاردہی نجفی مدرس(متوفی۱۳۳۴ہجری قمری)کا ترجمہ:یہ شیخ آغا بزرگ تہرانی کے ہم عصر تھے۔(۱)

۷۔ سید علی نقی فیض الاسلام کا ترجمہ:یہ ترجمہ صحیفہ کے مشہور ترین ترجموں میں سے ایک ہے۔ فیض الاسلامنے قرآن اور نہج البلاغہ کا ترجمہ بھی کیا ہے۔ ان کا ترجمہ مختصر شرح کے ساتھ ہے اور وہ دقت نظرسے لکھا گیا ہے۔ اس کی نثر بہت سلیس نہیں ہے۔

۸۔علامہ ذوالغنون الحاج میرزاابوالحسن شعرانی کا ترجمہ۔ ان کاترجمہ سلیس اور رواں ہے۔صحیفہ کےملحقات کاترجمہ کیا گیا ہے مزید مترجم کی طرف سےحاشیہ میں محققانہ تو ضیحات اور تعلیقات بھی موجود ہیں۔

۹۔ ترجمہ بلاغی اصفہانی:مشہور خطیب سید صدر الدین بلاغی اصفہانی۔

۱۰۔ ترجمہ جواد فاضل: وہ مشہور ترین مصنفین اور مترجمین میں سے ایک ہیں۔

۱۱۔ ترجمہ و شرح استاد محی الدین الہی قمشہ ای۔

۱- ۔ الذریعہ ، آغا بزرگ تہرانی ، ج۴ ، ص۱۱۲ ۔

۱۲ترجمہ استاد حسینی عماد زادہ اصفہانی

۱۳ترجمہ آقا حسین انصاریان

۱۴ترجمہ آقایان محسن غرویان اور عبد الجواد ابراہیمی

۱۵ترجمہ آقا عقیقی بخشایشی

۱۶ترجمہ آقا علی شیروانی

۱۷صحیفہ کا انگریزی ترجمہ: آغا بزرگ تہرانی نے کتاب الذریعہ میں اس ترجمہ کا ذکر کیا ہے کہ جس میں سید سرورحسینی اور مولوی احمد علی فوجانی(۱) کہ نام بہی لکھے ہیں کہ جنہوں نے یہ ترجمہ ۱۳۴۸ ہجری قمری میں چھاپا ہے مکتبہ الثقلین نے یہی ترجمہ پاکٹ سائز میں شائع کیا ہے۔

کلمات کا لغت نامہ یا الفاظ کے معاجم

۱المعجم المفہرس لألفاظ الصحیفہ السجادیہ: سید علی اکبر قرشی کی تألیف جو ۱۳۹۱

ہجری قمری میں شائع ہوئی

۲ معجم الفاظ صحیفہ:علی انصاریان کی تألیف جو صحیفہ کے متن کے ساتھ شام میں ایران کے سفارت خانے کے

ثقافتی امور کے شعبہ کی طرف سے شائع ہوئی ہے۔

لغات موضوعی یا معاجم موضوعی

صحیفہ کے متعلق فقط ایک موضوعی لغت نامہ عربی زبان میں موجود ہے جسے آقا محمد حسین مظفر نے "الدلیل الی موضوعات الصحیفہ السجادیہ " کے عنوان سے تألیف کیا ہے۔ یہ کتاب مجموعی

ص: ۶۲

۱- "موہانی " صحیح ہے، جیسا کہ ترجمہ کے مقدمہ میں ذکر کیا گیا ہے:"Mohani"۔

طور پر انیس موضوعات پر مشتمل ہے، پھر ہر موضوع کے فرعی موضوعات بھی ہیں۔وہ انیس موضوعات مجموعی طور پرمندرجہ ذیل ہیں:

التوحید،النبوۃ،الامامۃ،المعاد،الاسلام،الملائکۃ،الأخلاق،الطاعات،الذّکر

والدعاء،السیاسۃ،الاقتصاد،الانسان،الکون،الاجتماع،العلم،الزمن،التاریخ،الصّحۃ العسکریۃ،

لغت نامہ یاقاموس لغات(شرح مفردات)

صحیفہ کے الفاظ اور مفردات کی شرح کے لیے صفوی دور سے لےکر آج تک متعدد کتابیں تألیف کی گئی ہیں کہ جن میں سے بعض درج ذیل ہیں:

۱۔الأزہار اللطیفۃ فی شرح مفردات الصّحیفۃ: سید محمد رضا ابن الحسن الحسینی الاعرجی الحلّی نے ۱۱۳۶ ہجری قمری میں اس کی تألیف مکمل کی، انہوں نےنسخوں اور روایات کا اختلاف بھی اپنی کتاب میں بیان کیا ہے۔(1)

۲۔ تعلیقات علی الصّحیفۃ السّجادیۃ:اس کے مولف ملامحسن فیض کاشانیؒ (متوفی ۱۰۹۱ہجری قمری)انہوں نے اگرچہ تعلیقہ کے عنوان سے یہ کتاب تألیف کی ہے لیکن صحیفہ کی اکثر لغات کی شرح و توضیح بیان کر دی ہے۔موسسہ آل البیت علیہم السلام نے ۱۴۰۷ ھ ق میں اس کی تحقیق و تصحیح کرنے کے بعد اسے زیور طباعت سے آراستہ کیا ہے۔

ص: ۶۳

۱- ۔ الذریعۃ ، آغا بزرگ تہرانی ، ج ۱ ، ص۵۳۵۔

۳۔ شرح لغات صحیفہ قرشی: یہ کتاب سید علی اکبر قرشی آرموی کی تالیف ہے جو ۱۳۸۳ ہجری قمری میں شائع ہوئی ۔احسن الحدیث اورقاموس قرآن بھی ان کی تالیفات میں سے ہیں۔(۱)

۴۔ قاموس الصّحیفہ: سید ابو الفضل حسینی نے ۱۳۸۹ ش میں لکھی، حروف تہجی کی ترتیب سے اسے مرتب کیا ہے مؤلف نے ۷۲ بہترین بنیادی کتب کی بنیاد پر اپنی گرانقدر تحقیقات اس کتاب میں بیان کی ہیں۔ لغات کی شرح عربی زبان میں ہے۔

۵۔ صحیفۂ سجادیہ کی لغت: اس کے مؤلف منصور خاکسار نے اس کا دوسرا ایڈیشن نبوغ پبلیکیشنز قم کی طرف سے ۱۳۳۷ ہجری قمری میں شائع کیا گیا ہے۔ اس کے الفاظ کی ترتیب مروّجہ حروف تہجی سے ہے البتہ الفاظ مشتقات کی صورت میں نہیں ہیں، یہ لغت نامہ در حقیقت فارسی زبان میں صحیفہ کی لغات کا ترجمہ ہے۔

شرحیں، حواشی اور تعلیقات

علماء، ادباء اور عرفاء کے نزدیک صحیفۂ سجادیہ کی اہمیت کے پیش نظر اب تک اس کی متعدد شرحیں اور حواشی لکھی جا چکی ہیں۔آغا بزرگ تہرانی نے کتاب ”الذریعہ“

میں اپنے زمانے تک لکھی گئی تقریباً پچاس مختصر و مفصل شرحیں ذکر کی ہیں جو

صحیفہ کے متعلق عربی یا فارسی زبان میں تحریر کی گئی ہیں۔(۲) قدیم ترین شرح جو اس میں ذکر ہوئی ہے وہ چھٹی صدی میں لکھی گئی ہے،اگرچہ ان تمام شرح کی تعداد اس سے بھی زیادہ ہے،بالخصوص ہمارے زمانے تک متعدد شرحیں لکھی جا

ص: ۶۴

۱- ۔ مقدمہ صحیفہ سجادیہ ، عقیقی بخشایشی ، ص ۳۸ ۔

۲- ۔ الذریعہ ، آغا بزرگ تہرانی ، ج۱۳ ، ص۳۴۵۔۳۵۹ ۔

چکی ہیں اور ان سب کا شمار کرنا مشکل ہے، البتہ ان میں سے ہم بعض کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ شرح صحیفہ حلی؛

یہ شیخ ابو جعفر محمدابن منصور ابن احمدا بن ادریس عجلی حلّی (متوفی ۵۹۸ہجری قمری) نے تالیف کی ہے۔ یہ شرح تعلیقہ کی صورت میں تھی اور ظاہراً قدیم ترین شرح ہے۔

۲۔ الفوائد الشریفہ(۱):

شیخ تقی الدین ابراہیم ابن علی کفعمی، صاحب کتاب المصباح ، البلد الامین (متوفی ۹۰۵ ہجری قمری) نے تالیف کی ہے۔

۳۔ شرح صحیفہ کرکی:یہ شیخ محقق نورالدین ابو الحسن علی ابن عبد العالی کرکی (متوفی ۹۴۰ہجری قمری)نے تالیف کی ہے۔

۴۔ شرح صحیفہ زوارہ ای: ابوالحسن علی ابن حسن زوارہ ای ؛ خود مفسر قرآن ہیں اور عظیم مفسر ملا فتح اللہ کاشانی کے استاد بھی۔ یہ شرح فارسی زبان میں لکھی گئی ہے اور ۹۴۷

ہجری قمری میں تالیف کی گئی ہے۔

۵۔ شرح صحیفہ عاملی:یہ شیخ عزالدین حسین ابن عبد الصمد حارثی عاملی متوفی ۹۸۴ ہجری قمری(شیخ بہا ئی کے والد بزرگوار ہیں)یہ شرح تعلیقہ کی صورت میں لکھی گئی ہے۔

۶۔ شرح صحیفہ: ابو جعفر محمد ابن جما ل الدین ابی منصور حسن ابن شہید ثانی صاحب کتاب شرح استبصار

متوفی ۱۰۳۰ہجری قمری نےلکھی ہے۔

۷۔ حدائق الصالحین: محمد ابن حسین ابن عبد الصمد حارثی عاملی المعروف شیخ بہا ئی متوفی ۱۰۳۱ہجری قمری۔ انہوں نے اس

ص: ۶۵

۱- ۔ آغا بزرگ تہرانی نے الذریعہ کی ج۱۳ میں اس شرح کو الفوائدالطریفہ کے عنوان سے یاد کیا ہے لیکن جلد ۱۶ میں کہتے ہیں یہ شرح الفوائد الطریفہ کے نام سے مشہور ہے ، لیکن کفعمی کی عبارت بلد الامین میں الفوائد الشریفہ ہے ۔ الفوائد الطریفہ محمد تقی مجلسی کی شرح کا نام ہے۔

شرح کے علاوہ صحیفہ کے متعلق جداگانہ طور پرحواشی بھی تحریر کیے ہیں البتہ یہ حواشی مکمل نہیں ہیں۔فی الحال جو کچھ اس میں سے ابھی موجود ہے وہ الحدیقۃ الہلا لیّۃ ہے جو الدّعا عند رؤیۃ الہلال کی شرح ہے۔(۱)

۸۔شرح صحیفہ میر داماد: محمد باقر حسینی استر آبادی جو”محقق داماد“ کے نام سے مشہور ہیں۔(مشہور فلسفی

ملا صدرا شیرازی کے استاد ہیں)یہ شرح فلسفی و رجالی ا بحاث پر مشتمل ہے مزیدصحیفہ کے الفاظ کے بارے میں لغوی و ادبی تحقیق ہے اور اسی طرح اس میں

ہیئت اور نجوم کے بارے میں بھی قیمتی مطالب موجود ہیں۔اس کی سنگی اشاعت کے حاشیہ میں سید نعمت اللہ جزائری کی شرح تھی لیکن ۱۴۰۶ہجری قمری میں یہ آقا سید مہدی رجائی کی تحقیق کے ساتھ اصفہان میں زیور طباعت سے آراستہ ہوئی ہے۔

۹۔ النّکت اللطیفہ:یہ شیخ فخر الدین ابن محمد علی طریحی نجفی، صاحب کتاب مجمع البحرین (متوفی ۱۰۸۵ ہجری قمری)نے تالیف کی ہے۔

۱۰۔ شرح صحیفہ مشہدی:میرزا محمد ابن محمد رضا مشہدی، صاحب تفسیر کنز الدّقائق نے ۱۰۹۱ ہجری قمری میں اس کی تالیف شروع کی اور وہ شیخ حرّ عاملی کے ہم عصر تھے۔

۱۱۔ شرح صحیفہ: شیخ علی ابن شیخ زین العابدین ابن شیخ محمد ابن شیخ حسن ابن شہید ثانی، جوشیخ علی صغیر کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ صحیفہ کے بارے میں ایک بہت ہی جامع شرح تھی اور تفسیر مجمع البیان کے اسلوب پر لکھی گئی ہے ؛یعنی ابتدا میں دعا ذکر

۱- ۔[چاند کو دیکھنے کے وقت کی دعا کی شرح]

ہوئی ہے اس کے بعد لغت،اعراب اور دعا کے معانی بیان ہوئے ہیں۔ مؤلف نے ۱۰۹۷ہجری قمری میں اس کی تألیف کو مکمل کیا ہے۔

۱۲۔ شرح صحیفہ میرزا رفیعا:سید امیر رفیع الدین محمد ابن حیدر حسینی طباطبائی نائینی، میرزا رفیعا کے نام سے مشہور تھے،اور شاہ صفی کے ہم عصر علماء میں سے تھے۔ شیخ بہائی کے شاگرد اور علامہ مجلسی(متوفی ۱۰۹۹ہجری قمری) کے استاد تھے۔

۱۳۔ شرح صحیفہ عبدالباقی:عبدالباقی خطّاط تبریزی۔صاحب الذریعہ نے کتاب الریاض سے نقل کیا ہے کہ یہ بہترین شرح ہے اور صوفیوں کے نظریہ اور روش کے مطابق لکھی گئی ہے۔

۱۴۔الفوائد الطّریفہ:شرح ملّا محمد تقی مجلسی،یہ علامہ مجلسی کے والد ہیں(متوفی ۱۰۷۰ ہجری قمری)۔

۱۵۔ الفوائد الطریفہ:یہ عربی زبان میں شرح ہے جو علامہ محمد باقر مجلسی(متوفی ۱۱۱۱ ہجری قمری) کی تألیف ہے جو نا مکمل ہے۔

۱۶۔ شرح فارسی علامہ مجلسی:یہ فقط اہم اور مشکل مطالب کی وضاحت کرتی ہے۔

۱۷۔ریاض السّالکین:صدر الدین السید علی خان ابن نظام الدین مدنی شیرازی(متوفی ۱۱۲۰ ہجری قمری) یہ شرح صحیفۂ سجادیہ کی بہترین ومفصل ترین اور مشہور ترین شرحوں میں سے ہے اور ۵۴ ابواب پر مشتمل ہے۔ موجودہ دور کی بہترین شرحیں بھی اس سے بہت متاثر ہیں۔ علامہ امینی اس شرح کے بارے میں فرماتے ہیں:

ص: ۶۷

”کتاب قیّم یطفح العلم من جوانبه، و تتدفّق الفضیلة بین دفّتیه، فِاذا أسمت فیه سرح اللحظ فلا یقف الّا علی خزائن من العلم و الادب موصدة ابوابها، او مخابی ء من دقائق لم یهتد الیها ایّ المعیّ غیر مؤلفه الشریف المبجّل؛“(۱)

ایک گران قدر ومستحکم کتاب ہے کہ جس میں علم و دانش ہر جگہ سے لبریز اور اس کی دونوں جلدوں سے فضیلت نمایاں ہے۔اور جب بھی آپ اس کتاب کو ملاحظہ کریں گے تو یہ مشاہدہ کریں گے کہ علم و ادب کے خزانہ ہر طرف سے اپنا باب علم وا کیے ہوئے ہیں اور علمی و ادبی سر بستہ مطالب و نکات کو اپنے اندر لیے ہوئے ہے کہ کوئی بھی عظیم دانشمند سوائے اس جلیل القدر مولف کے اس تک دسترس نہیں رکھتا تھا۔

۱۸۔ شرح صحیفہ:علی ابن شیخ ابی جعفر محمد ابن جمال الدین ابی منصور حسن ابن زین الدین شہید ثانی،

صاحب کتاب الدرالمنثور،(متوفی ۱۱۰۴ہجری قمری)۔

۱۹۔ شرح صحیفہ بلاغی:شیخ حسن ابن عباس ابن محمد علی بلاغی نجفی،صاحب کتاب تنقیح المقال،یہ ترکیبی شرح ہے جو دو جلدوں پر مشتمل ہے جس کی تالیف کا آغاز سال ۱۱۰۵ہجری قمری میں کیا گیا۔

۲۰۔ شرح صحیفہ فتونی:ابو الحسن ابن محمد طاہر ابن عبدالمجید فتونی بناطی عاملی اصفہانی (متوفی۱۱۴۰ہجری قمری)ان کی ایک تفسیر ہے جس کا نام مرآۃ الانوار ہے۔

۲۱۔ ریاض العابدین:یہ

بدیع ہرندی نے فارسی زبان میں لکھی ہے۔

۲۲۔ شرح صحیفہ کاشانی:ملّا حبیب اللہ ابن علی مدد کاشانی نے لکھی ہے۔

ص: ۶۸

۱- ۔ الغدیر ، عبدالحسین امینی ، ج ۱۱ ، ص۳۴۷۔

۲۳۔ شرح صحیفہ لاہیجی:یہ میرزا حسن ابن عبدالرزاق لاہیجی کی تالیف ہے،آپ کتاب شمع الیقین و آئینہ حکمت، کے موہلف بھی ہیں۔ یہ شرح تین جلدوں پرمشتمل ہونے کے باوجود نا مکمل ہے۔

۲۴۔ ریاض العارفین یا روضہ العارفین: یہ مولا محمد اصطہباناتی شیرازی نے لکھی ہے۔

۲۵۔نورالانوار:سید نعمت اللہ جزائری شوشتری(متوفی۱۱۱۲ہجری قمری)کی تالیف ہے۔ اور ۱۳۱۶ہجری قمری میں شائع ہوئی تھی۔یہ شرح ،صحیفہ کی مشہور ترین شرحوں میں سے ایک ہے در حقیقت یہ شرح ان کی صحیفہ کے متعلق ایک بڑی شرح کی تلخیص ہے۔

۲۶۔شرح کبیر جزائری: یہ شرح نور الانوار کے علاوہ ہے۔

۲۷۔شرح صحیفہ سبزواری:اس کے مولف میرزا ابراہیم ابن محمد علی سبزواری ہیں جو ”وثوق الحکماء“ کے لقب سے مشہور ہیں ان کی وفات ۱۳۵۸ہجری قمری میں ہوئی۔ یہ شرح فارسی زبان میں ہے اورعرفانی مطالب پر مشتمل ہے ا س میں صحیفہ کے مشکل جملات اور کلمات کی شرح بھی کی گئی ہے۔

۲۸۔شرح صحیفہ شیرازی:سید محمد شیرازی علمائے معاصر میں سے ہیں۔ انہوں نے یہ شرح کربلا میں لکھی اس کی ایک جلد ہے اور یہ ترکیبی سلیس شرح ہے۔

۲۹۔شرح صحیفہ مغنیہ:محمد جوادمغنیہ علما ئےلبنان میں سے ہیں یہ شرح مختصر اور سلیس ہے اور انہی آخری برسوں میں لکھی گئی ہے۔

ص: ۶۹

صحیفۂ سجادیہ کے مستدرکات

صحیفۂ سجادیہ امام سجاد علیہ السلام کی صرف چند دعاؤں پر مشتمل ہے۔حدیث اور دعاؤں کی دیگر کتابوں کی طرف رجوع کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ امام علیہ السلام سے

مزید دعائیں بھی نقل ہوئی ہیں جو صحیفۂ سجادیہ میں نہیں ہیں، اسی لیے بعض محدثین اور محققین نے ان آخری چندصدیوں میں امام علیہ السلام کی دوسری دعائیں بھی جمع کی ہیں جوحضرت علیہ السلام کے دوسرے صحیفے کے عنوان سے تدوین ہوکرمنظر عام پر آچکی ہیں۔ درحقیقت یہ صحیفے صحیفۂ سجادیہ کے مستدرکات ہیں۔

شیخ آغابزرگ تہرانی کتاب الذریعہ میں لکھتے ہیں:دیگر صحیفے بھی تألیف ہوئے ہیں جو حضرت علی ابن الحسین علیہ السلام کی ایسی دعاؤں پرمشتمل ہیں جو صحیفۂ کاملہ یاأولی میں ذکر نہیں ہوئیں انہیں مندرجہ ذیل ناموں سے یاد کیا گیا ہے:

صحیفۂ ثانیہ، ثالثہ، رابعہ، خامسہ، سادسہ، سابعہ اور ثامنہ(۱)۔

البتہ پندرہویں جلد میں

صحیفۂ سجادیہ کاذکر کرتے ہوئے، فقط چھ صحیفوں کے نام ذکر کیے ہیں جومندرجہ ذیل ہیں۔ (۲)

۱۔ الصحیفۃ السجادیۃ الثانیۃ؛یہ صحیفہ عظیم محدث شیخ حرّ عاملی محمدابن الحسن)متوفی۱۱۰۴ہجری قمری)صاحب کتاب وسائل الشیعہ نے لکھا ہے۔ انہوں نے اس صحیفے میں

۱- ۔ گذشتہ حوالہ ج۱۳،ص ۳۴۰۔

۲- ۔ الغدیر ، عبد الحسین امینی ، ج ۱۵، ۲۰ ۔ ۲۱ ۔

امام علیہ السلام سے تقریباً ساٹھ

دعا اور مناجات نقل کی ہیں، لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ کوئی ایک ماخذ بھی بیان نہیں کیا اگرچہ ہر ایک دعا کا ماخذ صحیفۂ جامعہ سجادیہ میں بیان کیا گیا ہے جو بعد میں تالیف کی گئی ہے۔ آغا بزرگ تہرانی کتاب "الذریعہ" میں تحریر کرتے ہیں کہ: محدث حرّ عاملی نے یہ دعائیں ان کتابوں اور اصول سے نقل کی ہیں جو ان کے نزدیک معتبر تھے اور اپنے نسخہ کے حاشیہ میں بھی ان کا ذکر کیا ہے۔(۱)

انہوں نے اس صحیفہ کی تالیف ماہ رمضان ۱۰۵۳ ہجری قمری میں مکمل کی۔ اس کا اصلی نسخہ، حاشیہ کے

ساتھ ہندوستان میں علامہ میر حامدحسین کی لائبریری میں موجود ہے اور اس کی پہلی جلد بمبئی میں ۱۳۱۱ ہجری قمری میں بغیر حواشی کے شائع ہوئی جس کا بعد میں سید محسن عاملی(صاحب کتاب اعیان الشیعہ اور صحیفۂ خامسۂ سجادیہ) نے مختلف تصحیح شدہ نسخوں کے ساتھ مقابلہ کیا اور اس کے مشکل

الفاظ کی تفسیر اور معانی بھی بیان کیے ہیں۔

یہ کتاب مفید حواشی اور تعلیقات کے ساتھ ۱۳۲۲ ہجری قمری میں تین سو دس (۳۱۰)صفحات پر مشتمل پاکٹ سائز میں مصر سے شائع ہوئی ہے۔

ایران میں ۱۳۹۸ ہجری قمری

میں مصری نسخہ کے بعینہ اسے مکتبۃ الثقلین نے شائع کیا ہے۔ امام سجاد علیہ السلام سے منسوب مشہور ترین "مناجات خمسہ عشر" ہے یہ تمام مناجات صحیفۂ ثانیہ میں ذکر ہوئی ہیں۔

ایک نکتہ یہاں پر ذکر کرنا ضروری ہے کہ جسے

صاحب "الذریعہ" نے بیان کیا ہے وہ اپنی کتاب میں تحریر کرتے ہیں: بعض

۱- ۔الغدیر، عبد الحسین امینی ، ج ۱۵، ص ۲۰ ۔

معاصر علماء نے میرے لیے حکایت کی ہے کہ صحیفہ ثانیہ سجادیہ شیخ محمد ابن علی حرفوشی کی تألیف ہے جو شیخ حرّ عاملی کے ہم عصر ہیں۔ اور ان سے چالیس سال پہلے فوت ہو گئے تھے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محدث حرّ عاملی کا صحیفۂ ثالثہ ہے اور اس کے بعد صحیفہ رابعہ ہونا چاہیے۔(۱)

البتہ محدث حرّ عاملی نے اپنے صحیفہ کو ثانیہ کا نام رکھنے کی وجہ یہ بتائی ہے کہ حرفوشی کا صحیفہ ان کی دسترس میں نہیں تھا۔

۲۔ الصحیفہ السجادیہ الثالثہ:

اس صحیفہ کو مرزا عبداللہ افندی اصفہانینے تالیف کیا ہے۔آپ صاحب کتاب "ریاض العلماء "کہلاتے ہیں۔ علامہ مجلسی کے شاگرد اور شیخ حرّ عاملی کے ہم عصر ہیں۔ انہوں نے صحیفۂ ثالثہ پر ایک مفید مقدمہ لکھا ہے اور پھر اپنے صحیفہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے:

پہلا حصہ؛ اکیس دعاؤں پر مشتمل ہے یہ ایسی دعائیں ہیں جو صحیفۂ کاملہ سجادیہ کے نسخہ میں نہیں ہیں۔

صحیفۂ ثالثہ لکھنے کی اصلی وجہ بھی یہی تھی۔

دوسراحصہ: اس میں ایسی دعا ئیں نقل ہوئی ہیں جو صحیفۂ اولیٰ اورصحیفۂ ثانیہ دونوں میں موجود نہیں تھیں۔ان دعاؤں کی تعدادتقریباً ۳۲ ہے، اس صحیفہ کی کل۵۳دعائیں ہیں۔ صحیفۂ ثانیہ پر اس صحیفہ کی برتری و فضیلت یہ ہے کہ مؤلف نے دعائیں نقل کرنے کے بعد

ان کے مآخذ اور اسناد بھی بیان کیے ہیں۔

ص: ۷۲

۱- ۔ الذریعہ ، آغا بزرگ تہرانی ، ج۱۵ ، ص ۱۹۔۲۰۔

طولانی ترین مناجات کوجنہیں امام سجاد علیہ السلام کی طرف منسوب کیا گیا ہے "المناجاۃ الانجیلیّۃ الطّویلۃ او الکبری" کےنام سے اس صحیفہ میں نقل کیا گیا ہے۔

۳۔ الصحیفۃ السّجادیۃ الرابعۃ: یہ میرزا حسین نوری، صاحب کتاب "مستدرک الوسائل" کی تألیف ہے۔ ان کی وفات (۱۳۲۰ ہجری قمری) میں ہوئی ہے۔ انہوں نے ایسی دعاؤں کو ذکر کیا ہے جو پہلے والے تینوں صحیفوں میں موجود نہیں ہیں یہ ۷۷ دعائیں ہیں۔ ان دعاؤں میں سے تقریباً نصف دعائیں ماہ رمضان المبارک کے دنوں کے بارے میں ہیں۔

اس صحیفہ میں ہر دعا کے مآخذ و منابع بھی مذکور ہیں۔ یہ صحیفہ خوبصورت تحریر کے ساتھ پاکٹ سائز میں ۱۵۲ صفحات پرمشتمل ایران سےشائع ہوا ہے۔

۴۔ الصحیفۃ السجادیۃ الخامسۃ: اس صحیفہ کو سید محسن امین عاملی، صاحب کتاب "اعیان الشیعۃ"نے تألیف کیا ہے۔ ان کی وفات ایرانی سال کےمطابق ۱۳۷۰ ہجری قمری میں ہوئی۔ اس صحیفہ میں انہوں نے صحیفۂ ثالثہ اور صحیفۂ رابعہ کی دعاوں کو ایسی جدید۵۲ دعاؤں کے ساتھ جمع کر دیا ہے جوپہلے نقل نہیں ہوئیں ان سب دعاؤں کی مجموعی تعداد۸۲ ہے۔

انہوں نے ہر دعا کے مأخذ اور منبع کو ذکر کیا ہے اور نسخوں کے اختلاف کومتن کے اندر بریکٹ میں لائے ہیں۔ یہ صحیفہ دمشق میں۱۳۳۰ ہجری قمری میں، پاکٹ سائز میں شائع ہوا اور

بعد میں مکتبۃ الامام امیرالمؤمنین علیہ السلام نے اصفہان سے آفسٹ

شکل میں شائع کیا ہے۔

ص: ۷۳

۵۔ الصحیفہ السجادیہ السادسہ:اس صحیفہ کو علامہ محمدصالح مازندرانی

حائری نے

تالیف کیا ہے جو ابھی تک شائع نہیں ہوا اور اس کے خطی نسخے کی سرنوشت کابھی کچھ پتہ نہیں ہے فقط مؤلف نے اپنی تالیفات کی فہرست میں اس کا ذکرکیا ہے ۔(۱)

۶۔ الصحیفہ السجادیہ الجامعہ:یہ صحیفہ پانچوں صحیفوں(صحیفہ کاملہ سجادیہ،

صحیفہ ٔ ثانیہ، ثالثہ، رابعہ، اور خامسہ)پرمشتمل ہے کہ جسے آیۃ اللہ سید محمد باقر ابطحی اصفہانی نے تدوین کیا ہے جو ۱۴۱۱ ہجری قمری میں ایک

جلد میں شائع ہوا۔

اس صحیفہ کی خصوصیات درج ذیل ہیں:

۱۔ اس کے متن کی مختلف

کتبی نسخوں کے ساتھ تصحیح ہو ئی ہے جن میں دعائیں نقل کی گئی تھیں۔

۲۔مشکل کلمات اور لغات کی وضاحت حاشیہ میں موجود ہےبعض کلمات کی آخر میں ضمیمہ کےطور پر معنی وتفسیر کی گئی ہے ۔

۳۔صحیفہ ٔ کاملہ سجادیہ کی سند پوری تحقیق کے ساتھ بیان ہوئی ہے اور اس کے راویوں اور صحیفہ کے” اجازات“کے متعلق بھی تفصیلی مطالب بیان ہوئے ہیں۔

۴۔ آخر میں بہت اچھی

فہرستیں ضمیمہ کی گئی ہیں۔ آیات قرآن، دعائیں، دعاؤں کے موضوعات اور ہر دعا کے منابع کی جدا جدا فہرست بیان کی گئی ہے ۔

البتہ اس صحیفہ میں

صحیفہ ٔ کاملہ(اولی)کی دعاؤں کی ترتیب برعکس ہو گئی ہے چوں کہ اسے موضو عا تی اعتبار کی ترتیب سےمرتب کیا گیا ہے ۔

۱- «الذریعه»، آغا بزرگ تهرانی ، ج ۱ ، ص ۲۱

دوسرا باب

اصل مضمون کی شناخت

پہلی فصل

اشارہ

ص: ۷۵

بتیسویں دعا_الہی عظمت وسلطنت[نماز شب کے بعد کی دعا]

”اللّٰہم یـا ذا المُلک المتاَبّـِدِ بالخُلود، و السّـلطان الممتنع بغیر جُنُود و لا اَعوان، و العزّ الباقی علیٰ مرّ الـدّہور، و خوالی الاعوام و مواضـی الازمان و الایّام، عَزّ سُـلطانُک عزّاً لا حدّ لہ باَوّلیّہ، و لا منتہیٰ لہ بآخِریّہ، واسـتعلیٰ ملکُک علُوّاً سـقطت الاشـیاءُ دون بُلوغ امَدِہِ، و لا یبلغ ادنیٰ ما استاثرتَ بہ من ذٰلک اقصیٰ نعتِ النّاعتین ۔

ضلّت فیک الصِّـفات، و تفسّـخت دونک النّعوت، و حارت فی کبریآئک لطآئف الاوہام ، کذٰلک انت اللہ الاوّل فی اوّلیّتک، و علیٰ ذلک انت دآئم لا تزولُ “

اے اللہ! اے دائمی اور ابدی بادشاہی والے!اورلشکرواعوان کے بغیرمضبوط فرمانروائی والے اور اے ایسی عزت و رفعت والے جو صدیوں، برسوں، زمانوں اور دنوں کے گزرنے کے باوجود برقرار ہے!تیری سلطنت ایسی غالب ہے کہ جس کی ابتداء کی نہ کوئی حدہے اور نہ انتہـاء کا کوئی کنارہ اور تیری بادشاہی کا پایہ اتنا بلنـد ہے کہ اس کی بلنـدی کو چھونے سے سب قاصر ہیں اور تعریف

ص: ۷۷

کرنے والوں کی انتہا درجہ کی تعریف بھی تیری بلندی کے ابتدائی درجہ تک بھی نہیں پہنچ سکتی جسے تو نے اپنے لیے مخصوص کر لیا ہے۔

صفات کاروان تیرے بارے میں حیران و سرگردان ہیں اور توصیفی کلمات تیرے لائق ِحال مدح تک پہنچنے سے عاجز ہیں اور نازک تصورات تیرے مقام کبریائی میں حیران ہیں تو وہ خدا ہے جو ازل سے ایسا ہے اور ہمیشہ بغیر زوال کے ایسا ہی رہے گا۔

توضیحات:

حضرت امام سجاد علیہ السلام نے اس دعا کے ابتدائی حصہ میں خدا وندمتعال کی عظمت و دائمی بزرگی بیان

کی ہے۔ اس کے بعد انسان کا خداوند عالم کے صفات کے ادراک اور بیان کرنے سے عاجز ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اس صحیفہ کی دیگر دعاؤں میں عظمت الٰہی کے متعلق اہم نکات بیان ہوئے ہیں جن میں سے چند مختصر طورپر یوں ہیں:

۱۔ پروردگار کی عظمت و بزرگی کا اندازہ نہیں کیاجا سکتا اور اس کی انتہا نہیں ہے۔ چھیالیسویں دعا

میں ہم پڑھتےہیں:"مجدك ارفع من ان يحدّ بكنهه"(۱)اور

پانچویں دعا میں بھی ذکر ہوا ہے۔"یامن لا تنقضی عجا ئب عظمتہ"(۲)

۲۔ خداوندمتعال کی عظمت و سلطنت کسی سے قرض لی ہوئی نہیں ہے، اور یہ غیر الٰہی سلطنتوں کے بر خلاف ہے۔ غیر خدائی سلطنتیں

اپنی عظمت و شوکت میں خاص امور اور خاص عوامل کی محتاج ہوتی ہیں جیسے وفادار اور طاقتور لشکر کا موجود ہونا، لوگوں کا فرمانبردار اور مطیع ہونا

وغیرہ ...خداوند

۱- ۔ تیری بزرگی و عظمت اس امر سے بلند و بالا ہے کہ اس کی حقیقت کا اندازہ لگایا جا سکے۔ (دعا ۴۶ فقرہ ۲۳)۔

۲- ۔ اے وہ پروردگار ! جس کی عظمت کے عجائب تمام ہونے والے نہیں ہیں۔(دعا ۵ فقرہ۱)۔

متعال کی عظمت و سلطنت ایسی کسی عامل کی محتاج نہیں ہے، فرمانبرداروں کی اطاعت اس کی سلطنت میں نہ کوئی چیز زیادہ کر سکتی ہے اور نہ ہی معصیت کاروں کے گناہ اس کی سلطنت میں کوئی چیز کم کر سکتے ہیں۔

باون(۵۲)نمبر دعا میں ہم پڑھتے ہیں:"سبحانک لا ینقص سلطانک من اشرك بك"(۱) اور اسی دعا میں یہ بھی بیان ہوا ہے،"السلطان الممتنع

بغیر جنود و لا اعوان" جس کی سلطنت بغیر کسی لشکر اور مددگار کے محفوظ ہے۔

۳۔ حضرت علیه السلام اپنی دعاؤں میں خدا سے چاہتے ہیں کہ آپ کو اس عظمت کے اعتراف کرنے تک پہنچا دیں اور اس کی عظمت کے انکارکے راستے بند کر دیے"واحجبنا عن الالحاد فی عظمتک"(۲)بلکہ دوسرے مقام پر انسان کے دل کی سلامتی، عظمت الہی کی یاد اور اعتراف میں مضمرجانتے ہیں"واجعل سلامہ قلوبنا فی ذکر عظمتک"(۳)

۱۔ المتأبّد: باب تفعل کا اسم فاعل ہے اور اس کی اصل (أبد)ہے۔ راغب اصفہانی مفردات میں لکھتے ہیں:(تأبد الشیء):بقی ابداً، ابدی اور دائمی ہو گیا۔(۴)

۲۔ ا للممتنع:باب افتعال سے ہے اور اس کی اصل"منع"ہے، اس کا معنی عزت و غلبہ ہے، یعنی ایسا سلطان جو صاحب عزت و غلبہ ہے جوکبھی مغلوب ہونے والا نہیں ہے۔ امام سجاد علیه السلام کی عرفہ کے دن کی دعا میں ہم پڑھتے ہیں:"سبحانک من ملیك ما امنعک"(۵)

۱- ۔ تو پاک و بے نیاز ہے، مشرکین اپنے شرك کے ساتھ تیری سلطنت کو کمزور نہیں کر سکتے ہیں۔(دعا ۵۲،فقرہ ۳)۔
۲- ۔ ہمیں اپنی عظمت کے بارے میں کج فکری سے محفوظ رکھنا۔(دعا ۵،جملہ۱)
۳- ۔ ہمارے دلوں کی سلامتی اپنی عظمت کی یاد میں قرار دے۔(دعا ۵، فقرہ ۱۴)
۴- ۔المفردات ، راغب اصفہانی ، کتاب ص۸ ۔
۵- ۔ تو پاک و پاکیزہ ہے، تو صاحب اقتدار اور عزیز ہے۔(دعا ۴۷)

۳۔خوالی الأعوام:”خوالی“:”خالیہ“ کی جمع ہے،اس کا معنی گزرا ہوا۔”اعوام“: عام کی جمع ہے اس کا معنی سال ہے اس ترکیب

میں صفت موصوف کی طرف اضافہ ہے لہذا (الأعوام الخالیہ)یعنی گزرے ہوئے سال۔

۴۔ مواضی:” ماضی “ کی جمع ہے اس کا معنی گزرا ہوا زمانہ ہے۔

۵۔ استعلی:باب استفعال اور اصل (علوّ)ہے لیکن یہاں اس کا معنی بلندی چاہنا نہیں ہے بلکہ یہاں ثلاثی مجرد ہی کا معنی دیتا ہے یعنی ” علو “یا بلندی۔

۶۔سقطت الاشیاء دون بلوغ أمدہ:”أمد“کا معنی کسی چیز کی انتہا ہے۔(دون) کا معنی ہے قبل یانزدیک ”الأشیاء“یہاں ہے اس سے مراد عقول ہیں اورغور وفکر سے کسی مطلب کی گہرائی تک پہنچنے کے لیےضروری مقدمات اور ذرائع کاموجود ہونا ہے۔خلاصہ یہ مطلب یہ ہے کہ عقلیں اور خیالات تیری عظمت کی انتہا تک پہنچنے سے عاجز ہوجاتے ہیں۔صحیفہ کی پہلی دعا میں اس مطلب کی طرف بھی اشارہ کیاگیا ہے،”عجزت عن نعتہ

أوہام الواصلین “(۱)

۷۔استأثرت:(استأثر

الشی ء)؛(استبد بہ و خصّ بہ نفسہ)اسے اپنے لیےمخصوص کر لیا اور اپنے لیے چن لیا۔

۸۔ ضلّت فیک الصّفات:”ضلت“کامعنی ضاعت یاعدمت؛یعنی ضائع ہوگیا یاگم ہوگیا۔”الصفات“سے مراد توصیفات ہیں اس عبارت کا معنی یوں ہے:کوئی ایک صفت بھی آپ کا وصف بیان کرنے سے قاصر ہے جیسا کہ امیر المؤمنین علیہ السلام نہج البلاغہ کے پہلے خطبہ میں فرماتے ہیں:

۱- یہ تعریف کرنے والوں کے خیالات اس کی تعریف سے عاجز ہیں۔(دعا ۱۔ فقرہ ۲)۔

"الذی لیس لصفتہ حدّ محدود ولانعت موجود"؛اس کی ذات کے وصف کے لیے نہ کوئی معین حد ہے نہ توصیفی کلمات موجود ہیں۔

پس کوئی بھی صفت خداوندمتعال کی ایسی توصیف نہیں کر سکتی، جو اس کی ذات اقدس کے کمال جبروت کی عکاسی کرے،کیوں کہ پہلی بات یہ ہے کہ تمام تعریفیں کچھ خاص معیارات پر ہوتی ہیں جومحدود ہیں اور محدود کے ذریعہ کبھی نامحدود کی تعریف و توصیف نہیں ہوسکتی۔ دوسری بات یہ ہے کہ کسی چیز کی تعریف اس چیز پر احاطہ کرنا ہے،جب کہ کوئی بھی موجود خداوندمتعال کا احاطہ نہیں کر سکتا ۔

"خداوندمتعال کے صفات

صحیح طور پرسمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ پہلے مرحلہ میں ان تمام مطالب، مفاہیم، نمونوں اور اندازوں سے پرہیز کیا جائے جو انسان مادیت کے ساتھ رابطے کی وجہ سے اپنے ذہن میں عکاسی کرتا رہتا ہے انسان یہ سب چھوڑتے ہوئے اور ایسی تمام شکل و صورتوں کو ترک کرتے ہوئے جو طبیعی دنیا سےمختلف قسم کے ظہورات کے طورپر اس کے ذہن میں "خدا"کےتصور کے عنوان سے بناتی ہیں، آگے بڑھ سکتا ہے۔انسان خداوندمتعال کی صفات کو اپنے ذہن کے اندر مادی و طبیعی چیزوں کو دیکھ کر تصور کرتا ہے، اس

انداز فکر اورتصور سے پرہیز کرنا چاہیے کیوں کہ:

قابل ذکر ہے کہ خداوندمتعال کے وجود کی حقیقت پر واضح دلائل موجود ہیں، البتہ وجود باری تعالی کی یہ حقیقت جسم و جسما نیت، طبیعت ومادیت کے خواص سے بالاتر ہے (اسی لیے) اس دعا

کی عبارت میں صفا ت کی نفی جیسی تعبیرات استعمال ہوئی ہیں)

لہذا اس قسم کی سلبی مثالوں کے ذریعہ افکار کو اس حقیقت کی عظمت کی طرف متوجہ کیا جا سکتا ہے۔

اور جسمانی اوصاف اور مختلف حدود و قیود کی نفی کے ساتھ منطقی نتیجہ کے طور پر اس حقیقت ازلی تک پہنچنے کی طرف رہنمائی کی جا سکتی ہے“۔ (۱)

۹۔تفسّخت دونک النعوت:”تفسخت“”تقطعت و بطلت“نقض،قطع اور باطل ہو ا

اسی طرح یہی تعبیر چھٹیا لیسویں دعا کے فقرہ نمبر ۱۲ میں بھی ذکر ہوئی ہے ۔”و تفسخت دون بلوغ

نعتک الصفات“(۲) اسی عبارت کے آگے مزیداسی کے بارے میں فرمایا: ”فلک العلوالاعلیٰ فوق کل عال“ ہر سر بلند پر اعلیٰ ترین برتری خاص تیرے لیے ہے۔ یہ جملہ ایک طرح سے پہلے جملہ کی علت بیان کر رہا ہے یعنی اس چیز کی علت جس کے ذریعہ تمہاری توصیف نہیں کی جاسکتی یہ ہے کہ تو تمام بلندیوں سے بالاتر ہے اور یہ حقیقت اس مطلب کو بیان کر رہی ہے کہ جب تک کسی چیز کا احاطہ نہ ہو اس کی حقیقی توصیف و تعریف ممکن نہیں اور ذات باری تعالی ہر موجودسے بر تر ہے۔

۱۰۔لطائف الأوہام:”لطائف:لطیفہ“ کی

جمع ہے اور اس کا معنی لطیف اور باریک ہے، ”اوہام “ ”وہم“ کی جمع ہے۔

”وہم“ ایسے الفاظ میں سے ہے جو فلسفہ اور منطق کی اصطلاحات میں بھی استعمال ہوا ہےاور اس پر فلسفی رنگ غالب ہے۔ توجہ رہے کہ دینی متون میں”وہم“ فلسفی معنی میں استعمال نہیں ہوا ہے فلسفہ کی اصطلاح میں ”وہم“ ایک ایسی قوت ہے جو محسوسات کے جزئی معنی کو ادراک کرنے سے متعلق ہے۔(۳)

۱- ۔ خدا و جہان اور انسان ، نہج البلاغہ کی نظر سے، علامہ محمد تقی جعفری، ص ۳ ، ر جوع کریں: الرواشح السماویہ،میر داماد ، ص۱۹۔

۲- ۔ تیرے صفات حد نعت و صفت تک پہنچنے سے پہلے ہی بکھر گئے۔

۳- ۔ الاسفار الاربعہ ، صدرالمتألّہین شیرازی ، ج ۸ ، ص ۶۵ ،ج ۳ ، ص ۵۱۷،۳۶۰ ۔

”وہم“ کے لغوی معانی تمثیل وتخیل کے ہیں:کسی چیز کا تصور یا کوئی ایسی یاد گار بات جودل میں اتر گئی ہو(۱) بنابر ایں و ہم کی قوت کا دائرہ کار وسیع ہے کیوں کہ احساسات و ادراکات کے دیگر عوامل کا دائرہ کار محدود ہے مثال کے طور پر عقل کبھی اپنے دائرہ کار سے آگے نہیں بڑھ سکتی،لیکن” و ہم“ اس طرح نہیں ہے یعنی وہم تخیلات اور نئی سے نئی شکلیں بناسکتاہے مثال کے طور پر انسان اپنے ذہن میں دوسرے والے انسان کا تخیل کر سکتا ہے۔لہٰذا”وہم“ زیادہ ظرفیت اور طاقت کے باوجود خدا وند متعال کی تعریف و توصیف کی تصویر کشی سے عاجز ہے اس لیے جو بھی صورت ذہن کے اندر پیدا ہوتی ہے

یاجو چیز بھی دل میں آتی ہے وہ ہماری اپنی پیدا وار ہے اور اس لامحدود حقیقت کو بیان نہیں کر سکتی۔

حضرت امام باقر علیہ السلام اس سلسلہ میں فرماتے ہیں:

(کیف تدرکہ الاوہام وہو خلاف ما یعقل، وخلاف ما یتصوّر فی الاوہام؛ وہم اس ذات کا ادراک کیسے کر سکتا ہے جو اس کے بر خلاف ہے جو عقل میں آئے اوراس کے بھی برخلاف ہے جو وہم کے تصورات کی جولا نگاہ میں ہے۔) (۲)

۱۱۔ الاوّل فی اوّلیّتک:حضرت امام سجاد علیہ السلام صحیفہ کی پہلی دعا میں خداوندمتعال کے اوّل ہونے کو اس طرح بیان کرتے ہیں:

ص: ۸۳

۱- ۔ اقرب الموارد ، سعید الخوری ، ج ۲ ، ص ۱۴۱۹ ۔

۲- ۔ عبدالرحمن ابن ابی نجران نے امام باقر علیہ السلام سے نقل کیا ہے باب دوم اطلاق العقول بانّہ شئی ، کتاب توحید اصول کافی ج۱ ص ۸۲ ۔

”الحمـدلل□ الاول بلا۔ اوّل کـان قبل□،والآخر بلا آخر یکون بعـد□، ساری تعریفی□ ایس□ الل□ ک□ لی□ مخصوص □ی□ جو ایسا اول □□ جس س□پ□ل□ کوئی اول ن□ی□ اور ایسا آخر □□ جس ک□بعد کوئی آخر ن□ی□ □□“□(۱)

مزیـد سـینتالیسوی□ دعا می□ فر مات□ □ی□:الاوّل قبل کل احـد،الآخربعـدکلّ عـدد؛ و□ اول □□ □راحد س□ پ□ل□، اور و□ آخر □□ □ر عدد ک□ بعد□

ان دونو□ عبارتو□ ک□ مجموع□ س□ معلوم □وتا □□ ک□ خداونـد متعال کا اوّل اور آخر □ونا ابتداء اور انت□ا ک□ معنی می□ □□، یعنی خدا وند منان □ر ش□کی ابتدا اور انت□ا □□□

انسان می□ عمل کی کمی اور آرزو ؤ□ کی زیادتی

”وانا العبد الضعیف عَمَلاً، الجسیم اَمَلاً، خرجت من یدیّ اسباب الوُصُلات اِلّا ما وصل□ رحمتک، و تقطّعت عنّی عصم الآمال الا ما انا معتصم ب□ من عفوک، قلّ عنـدی ما اعتـدُّ ب□ من طاعتک،و کثُر علیّ ما ابوءُ ب□ من معصـیتک،و لن یضـیق علیک عفو عن عبـدک و ان اساءَ فـاعف عنّی□الل□م و قـد اشرف علی خفایا الاعمال علمک، و انکشف کلُّ مسـتور دون خُبرک و لا تنطوی عنک دقائق الاُمور، و لا تعزب عنک غیّبات السّرائر“□

اورمی□ تیرا و□ بنـد□ □و□ ک□ جس کا مختصـرعمل اور سـرمای□□ امیـد زیاد□ □□ سعادت تک پ□نچن□ ک□تمام وسائل میر□ □ات□ س□ جات□ ر□□ مگر تیری رحمت ن□ کچ□ اسباب س□ جو□□ رک□ا□ اور امیدو□ ک□

بنـد□ن ب□ی ایـک ایـک کر ک□ □ـو□ گئ□ □ی□،سـوائ□ تیر□ عفو و درگزر ک□دامن ک□ک□ جس پر سـ□ارا کی□ □وئ□ □ی□ □و□□ تیری و□

ص: ۸۴

۱- □ دعا ایک فقر□ نمبر ۱ □

اطاعت جودلگرمی کاباعث ہے، نہ ہونے کے برابر ہے اور وہ معصیت جس کا میں معترف ہوں بہت زیادہ ہے۔

تیرااپنے کسی بندے کو معاف کر دینا اگرچہ وہ کتنا ہی برا کیوں نہ ہو کچھ دشوار نہیں ہے، لہٰذا تو پھر مجھے بھی معاف کر دے اے اللہ! تیرا علم تمام پوشیدہ اعمال پر محیط ہے تیرے علم اور اطلاع کے آگے ہر مخفی چیز ظاہر و آشکار ہے اور باریک سے باریک چیزیں بھی تیری نظر سے پوشیدہ نہیں ہیں اور نہ پردوں میں چھپے ہوئے راز تجھ سے مخفی ہیں۔

تشریح

امام علیہ السلام نے خدا وند متعال کی عظمت و قدرت بیان کرنے کے بعد خدا اور انسان کے درمیان رابطہ

کو بیان کیا ہے۔ یہ انسان جو خدا وند متعال کی مدد سے کمال تک پہنچ سکتا ہے اور تمام آرزوئیں پوری کرسکتا ہے۔میدان عمل میں تساہلی،سستی اور ناتوانی کا مظاہرہ کرتا ہے اورکسی شاعر کی تعبیر کے مطابق:اگر فقیر سستی کرے تو اس میں اہل خانہ کا کیا قصور؟ "عمل" ایسی کوشش اور جدوجہد ہے جو انسان اپنی تمناؤں تک پہنچنے کے لیے انجام دیتا ہے۔ ایک طرف سے انسان ایک ایسا موجود ہے جس کی آرزوئیں ختم ہونے والی نہیں ہیں۔ وہ کبھی سیر ہونے والا نہیں ہے اس لیے

آرزو کے اعتبار سے انسان کی کوئی حدنہیں ہے لیکن جس عمل کے ذریعہ اسے اپنی

آرزوؤں کو پورا کرنا ہے اس میں غفلت وکوتاہی سے کام لیتا ہے۔

۱۔ الجسیم:" العظیم ":بڑا، بزرگ ۔

۲۔ اسباب الوصلات: (الوصلات) وصلہ کی جمع ہے: مطلوب ومقصود تک پہنچنے کا سبب بننے والی چیز

اس معنی کا نتیجہ یہ ہے کہ:

ص: ۸۵

وہ اسباب جن کے ذریعے میں سعادت تک پہنچا ہوں اپنے ہاتھ سے کھو بیٹھا ہوں مگر وہ سبب جو کبھی نہیں کھو تا

وہ تیری رحمت ہے کیوں کہ رحمت تیری طرف سے ہے نہ ہماری طرف سے اور تیری رحمت

ہر کسی کے شامل حال ہے۔

۳۔ عصم الآمال: (عصم) عصمت کی جمع ہے اور نگہداری، حفاظت، روکنے اور منع کرنے

کے معنی میں آیا ہے یہاں پر یہ تمسک کرنے کے معنی میں ہے یعنی آرزوئیں

جن سے وابستہ تھیں اور جن سے امید بندھی تھی وہ بندھن سب ٹوٹ گئے لیکن

تجھ سے بخشش و رحمت کی امید کا بندھن نہیں ٹوٹا۔

۴۔ اعتدّ: (اعتداد) شمار کرنا، آمادہ اور مہیا کرنا۔

۵۔ ابو ء: (باء

یبوء) سے ہے اصل میں اس کا معنی کسی شئے کی طرف رجوع کرنا

ہے البتہ اعتراف اقرار اور قبول کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے۔

یہاں دوسرا معنی مناسب ہے۔ کیوں کہ اقرار کرنا بھی ایک طرح سے حقیقت کی طرف رجوع کرناہے ۔

۶۔ دون خبرک:"عند علمک ":تیرے علم کے مقابلے میں۔

۷۔ لا تنطوی:"انطوی علی شیء ":(سترہ فی باطنہ)؛ اس کو اپنے اندر چھپا لیا ۔

۸۔ لا تعزب:"لایغیب "مخفی اور پوشیدہ نہیں۔

ص: ۸۶

شیطان اور اس کے وسوسے

”و قد استحوَذ علیّ عدوک الّذی استنظرک لغوایتی فاَنظرتہ،واستمہلک الیٰ یوم الدین لِاِضلالی فامہلتہ، فاوقعنی و قد ہربتُ اِلیک من صغآئر ذُنوب موبقۃ، وکبآئر اعمال مُردیۃ

حتی اذا قارفتُ معصیتک، و استوجبتُ بسوء سعیی سخطتک، فَتَیلَ عنّی عذار غدرہ و تلقّانی بکلمۃ کفرہ، و تولی البراءۃ منّی،وادبر موَلّیاً عنّی،فاصحرنی لغضبک فریداً، واخرجنی الی فناءِ نقمتک طریداً“

تیرا وہ دشمن جس نے مجھے دھوکہ دینے کےلیے تجھ سے مہلت مانگی اور تو نے اسے مہلت دے دی اس نے مجھے گمراہ کرنے کے لیے قیامت تک کی مہلت مانگی اور تو نے اسے مہلت دے دی وہ مجھ پر غالب آ گیا ہے۔ اور اب جب کہ میں مہلک گناہان صغیرہ اور تباہ کر دینے والے کبیرہ گناہوں کے ساتھ تیرے دامن میں پناہ کے لیے بھاگ رہا تھا تو اس نے مجھے آ گرایا ہے

اور جب میں گناہ کا مرتکب ہو گیاور اپنی بداعمالی کی وجہ سے تیری ناراضگی کا مستحق بن گیا تو اس نے اپنے حیلے و فریب کی باگیں مجھ سے اتار لیں اور مجھےناشکرا ہونےکے طعنے دینے لگا اور مجھ سے بیزاری کا اظہار کرنےلگے اور پیٹھ پھیرکر چل دیا اور مجھے تیرے غضب کے سامنے اکیلا چھوڑ دیا، اور تیرے انتقام کی منزل پر مجھے کھینچ تان کر لے آیا ہے

تشریح

پہلے حصے میں عمل اور آرزو کا مسئلہ بیان ہوا ہے اور اس میں" شیطان" کے متعلق گفتگو ہوئی ہے ان دونوں حصوں کا آپس میں تعلق یہ ہے کہ انسان کاعمل میں سستی کرنا، برے اعمال کی طرف رجحان اور معقول آرزوؤں کے بجائے لغوو بیہودہ آرزوؤں کی طرف رغبت کاسبب "شیطان" ہے اگرچہ "شیطان" کا کردار اس انحراف میں ایسے ہے جیسے آگ کے تنور میں

موجودچنگاریوں پر ہوا یعنی چنگاریاں نہ ہوں تو ہوا کچھ نہیں کر سکتی اسی طرح ہمارے اندر نفس امّارہ نہ ہو تو شیطان کچھ نہیں کر سکتا،یہ شیطان اپنے وسوسوں کے

ذریعے ہمارے اندر خاکستر میں موجود چنگاریوں کو بھڑکاتاہے اور انسان کی پستی و گمراہی اور سستی وبدکاری کے وسائل فراہم کرتا ہے۔

شیطان دینی ثقافت میں صرف ایک تاریخی حقیقت ہی نہیں ہے بلکہ انسان کے مقابلہ میں ایک زندہ فعال،سرگرم اور خطرناک حقیقت کا نام بھی ہے۔

جو انسان کی سعادت اور خو ش بختی کے لیے ایک بڑاخطرہ ہے۔ اس وجہ سے دینی اور دعائی متون میں" شیطان" کو"انسان کا کھلا دشمن" سمجھا گیا ہے ضروری ہے کہ انسان اس دشمن سے ہوشیار رہے اس کے مقابلہ میں مضبوط حکمت عملی سے کام لے اور اس کے شر سے بچنے کے لیے خدا سے پناہ مانگے۔

۱۔ استحوذ:اصل

میں (حاز، یحوز حیازہ)سے ہے جس کا معنی کسی چیز پر احاطہ یا غلبہ کرنا ہے۔ پس عبارت کا معنی یہ ہوا کہ شیطان نے میرے اوپر غلبہ کر لیا اور مجھے اس چیز کی طرف لے گیا کہ جس کا خود اس نے ارادہ کیا تھا۔ ا□□ویہ دعا میں بھی یہ عبارت موجود ہے "و نعوذ

ص: ۸۸

بک... اَن یستحوذ علینا الشیطان" "اے خداوندا تم سے پناہ مانگتے ہیں کہ شیطان ہم پر مسلط ہو جائے، اس سلسلہ میں ایک روایت بھی نقل ہوئی ہے ایک دن حضرت

موسی ؑ شیطان کے رو برو ہوئے اور کہا۔

فاخبرنی بالذنب الّذی اذا اذنبہ ابن آدم استحوذت علیہ ؟ قال: اذا اعجبتہ نفسہ، واستکثر عملہ و صغرفی عینہ ذنبہ (۱)

اے شیطان!مجھے بتا کہ وہ کون سا گناہ ہے کہ جس کے ارتکاب سے تو انسان پر مسلط ہو جاتا ہے ؟شیطان نے کہا:جب کبھی انسان عجب کا شکار ہو، اپنے عمل کو زیادہ سمجھے اور اپنے گناہوں کو اپنی نظروں میں حقیر شمار کرے۔

یعنی تین قسم کی نظر اس بات کا سبب بنتی ہے کہ شیطان انسان پر مسلط ہو جائے۔

۱۔ اپنے تیئس اپنے آپ کو بڑاسمجھنا۔

۲۔ اپنے کم عمل کو زیادہ جاننا۔

۳۔ اپنے گناہوں کو ناچیز سمجھنا۔

۲۔ استنظرک:"استمہلک"مہلت طلب کی اور تاخیر کی درخواست کرنا، یہ نظر،نظراً کی اصل سے ہے ٹھہرا،توقف کیا،

مہلت دی۔ سورہ (اعراف)آیت ۱۴۔ ۱۷،(حجر)آیت ۳۶۔ ۴۰اور(ص) ۷۹۔۸۳ میں

شیطان کا خدا سے مہلت مانگنا بیان کیاگیا ہے۔

۳۔ فاوقعنی۔ "اوقع"کی اصل "وقع۔ یقع"ہے اور اس کے ثلاثی مجرد میں چونکہ مختلف معنی ہیں، اس لیے ثلاثی مزیدفیہ کے معنی بھی مختلف ہیں اگر "اوقع" "وقع" سے لیا گیا ہو تو اس کا معنی "حاصل

ہوا اور واقع" ہوا ہوگا، پس"اوقعنی" کا معنی مجھے حاصل ہوا ہو گا اور اگر"وقع" سے"ساقط ہوا اور گرا دیا"

۱- ۔ اصول کافی ، باب عجب ، کتاب ایمان و کفر ، ج ۲ ، ص ۳۱۳ ۔ محمد ابن شیخ حر عاملی ، وسائل الشیعہ ، ج ۱ ، ص ۹۹ ۔

لیا جائے تو "اوقعنی" کا معنی "اسقطنی" ہو گا: "مجھے پھینکا، گرا دیا، زمین پر مارا " اس کا معنی یہ ہوا کہ شیطان کا جو ہدف تھا اس تک وہ پہنچ گیا اور مجھے اغوا کر کے

گمراہی کے گڑھے میں ڈال دیا۔

۴۔موبقہ:باب افعال سے اسم فاعل ہے:"اوبق" یعنی "اہلک" ہلاکت میں ڈالا، ہلاک کیا۔

۵۔ مردیہ:باب افعال سے اسم فاعل ہے" اردی ارداءً" ہلاک کر ڈالا، گڑھے میں پھینکا ۔

۶۔ قارفت معصیتک:"قارف" کسب کیا، حاصل کیا، نزدیک ہوا۔

یہاں پر اہم نکتہ یہ ہے کہ ضمیر استحوذ،ضمیر قارفت کے مقابلے میں ہے۔ آخری دو کلموںمیں ضمیر شیطان کی طرف لوٹتی ہے یعنی یہ شیطان ہے جو انسان پر غلبہ پالیتاہے۔ البتہ اس چیز کا سبب خودانسان فراہم کرتاہے (ایک نمبر میں اس کی وضاحت بیان کی گئی ہے) جو انسان کو ذلت وپستی کی طرف کھینچ لےجاتاہے لیکن "قارفت " متکلم کی ضمیر استعمال

ہوئی ہے یعنی خودانسان ہے جو گناہ انجام دیتا ہے کیوں کہ شیطان کبھی بھی انسان کو گناہ پر مجبور نہیں کر سکتا انسان خود اپنے برے ارادے سےشیطان کو اپنے دل میں داخل ہونے کی اجازت دے کر گناہ کا مرتکب ہوتاہے جب کہ انسان شیطان سے دور رہنے کو بخوبی جانتا ہے اس کا باطن ووجدان اس بات سےآگاہ ہوتا ہے اور دینی تعلیمات میں بھی یہ بات اسے بتائی جاچکی ہے۔

۷۔ فتل عنّی عذار غدرہ: "صرف عنہ"، اس سے منہ موڑ لیا۔

عذار، چہرہ اور رخسار کے کنارے،ریش کا خط، چوپایوں کی لگام۔

غدر، اصل میں"عہد شکنی"

کے معنی میں ہے لیکن فریب اور دھوکے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اور یہاں پر دوسرا معنی مراد ہے۔

ص: ۹۰

اگر"عذار" کو لگام کے معنی میں لیں تو عبارت کا معنی یہ ہوگا: فریب اور دھوکے کی لگام کو مجھ سے اٹھا لے،

اور رخسار کے معنی میں لیں یعنی اپنے دھوکے اور فریب کے چہرے کو مجھ سے موڑ دے۔

دونوں صورتوں میں ایک ہی معنی مراد ہے یعنی کیونکہ اس کا ہدف گمراہ کرنا اور مجھے گناہ اور خدا کے غضب میں مبتلا کرنا ہے اور یہ ہدف اس نے حاصل کر لیا لہذا اس کے بعد اس کو مجھ پر فریفتہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے اسی لیے وہ اب اس عمل سے باز آ گیا ہے۔

۸۔تلقّانی بکلمۃ کفرہ: اشارہ ہے اس آیت کی طرف جو قرآن میں شیطان کی زبانی حکایت کرتی ہے:

"و قال الشّیطان لمّا قُضی الامرانّ اللہ وعدکم وعد الحق و وعدتکم فأخلفتکم وما کان لی علیکم من سلطن الّا أن دعوتکم فاستجبتم لی فلاتلومونی ولوموا أنفسکم ما أنا بمصرخکم وما أنتم بمصرخیّ انّی کفرت بما اشرکتمون من قبل انّ الظّلمین لہم عذاب ألیم" (۱)

اور (قیامت کے دن) جب فیصلہ ہو چکے گا تو شیطان کہے گا: اللہ نے تمہارے ساتھ یقینًا سچا وعدہ کیا تھا اور میں نے تم سے وعدہ کیا پھر وعدہ خلافی کی اور میرا تم پر کوئی زور نہیں چلتا تھا مگر یہ کہ میں نے تمہیں صرف دعوت دی اور تم نے میرا کہنا مان لیا پس اب تم مجھے ملامت نہ کرو بلکہ خود کو ملامت کرو نہ تو میں تمہاری فریاد رسی کر سکتا ہوں نہ تم میری فریاد رسی کر سکتے ہو پہلے تم جو مجھے اللہ کا شریک بناتے تھے میں اب یقیناً اس سے بیزار ہوں۔ ظالموں کے لیے

تو یقیناً درد ناک عذاب ہے۔

ص: ۹۱

۱- ﴿ابراہیم، ۲۲﴾

۹□تولّی البرائ□ منّی:نیز ی□ قرآن کی اس آیت کی طرف اشار□ □□

ج□ا□شیطان کی زبانی نقل □وا □□،

“کَمَثل الشیطان اذ قال

للانسن اکفر فلمّا کفر قال انّی بریء منک انّی اخاف الل□ ربّ العالمین”

”شیطان کی طرح جب اس ن□ انسان س□ ک□ا: کافر □و جاؤ ؛ پ□ر جب و□ کافر □و گیا تو ک□ن□ لگا: می□ تج□ س□ بیزار □و□، می□ تو عالمین ک□ پروردگار الل□ س□ □رتا □و□□ (۱)

۱۰□ فاصحرنی:“اصحر الرّجل للصحرا ء“:ابرز ل□ا:صحرا ء

"الحرز""معقل"پناہ گاہ اور قلعہ۔ حرز کامعقل کی طرف اضافہ یعنی ایسی جگہ جو قلعہ کے ساتھ ہو،یہاں اضافہ یا بیانیہ ہے یعنی ایسا حرز کہ معقل ہو یا اضافہ لامیّہ ہے یعنی ایسا حرز جو معقل کے لیے قرار دیا گیا ہے۔

یہ متشابہات اور حرز کے بارے میں دو احتمال دیے گئے ہیں۔

۱:اگر(متشابہات سے مراد متشابہ آیات ہو تو "حرز" سے مراد محکم آیات ہیں اور یہاں رجوع کرنا یا پلٹانے کا معنی کرنا ہو گا کیوں کہ آیہ کریمہ میں مذکور ہے :(... منہ آیات محکمٰت ہنّ امّ الکتاب و اخر متشٰبہٰت...) جس کی بعض آیات محکم واضح ہیں وہی اصل کتاب ہیں اور کچھ متشابہ ہیں۔(۱)

۱- سورہ آل عمران ، آیت ۷

آیات محکمات کو" امّ الکتاب" سے تعبیر کیا گیا ہے اور مفسرین کے بقول "امّ الکتاب "کا معنی یہ ہے کہ متشابہات کو ان کی طرف پلٹایا جائے جیسے اولاد ماں کی طرف رجوع کرتی ہے اس کی طرف پلٹتی ہے اور ماں اس اولاد کی ابتدا اوراصل ہے۔

ممکن ہے "متشابہات" سے مراد شبہات اور مشکوک امور ہوں یعنی وہی تاریکی، نادانی اور گمراہی۔ اس صورت میں"

حرز" سے مراد قرآن ہے۔

جس کے نور سے ہدایت پانے کے لیے اس قسم کے "حرز"سے پناہ لینی ضروری ہے۔ پیغمبر گرامی سے نقل ہوا ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا: فاذا التبست علیکم الفتن کقطع اللیل المظلم فعلیکم بالقرآن فانّہ شافع مشفّع،جب فتنے تم پر تاریک راتوں کی طرح چھاجائیں تو تم قرآن کی پناہ حاصل کرنا بے شک یہ ایسا شافع ہے جس کی شفاعت قبول کی جائے گی (1)۔

۷۔تبلّج اسفار:"تبلّج": یعنی"بلج الصبح بلوجاً"۔ یہ " تبلج وابتلج" سے ہے۔ جس کا معنی ہے اصناء واشرق: یعنی روشن اور واضح ہوگیا۔

" اسفار": "اسفرالصبح اسفاراً "سے ہے اوضح وانکشف:یعنی صبح کے وقت سورج کے نور نے روشن کیا،تاریکی ختم کرنے اور سطح زمین روشن کرنے والا ہے۔ نور قرآن کو سورج کی روشنی سے تشبیہ دی گئی ہے جو نہ صرف رات کے گھٹا ٹوپ اندھیروں سے چھٹکارا دلاتا اور فضا روشن کرتا ہے بلکہ حق کے ظہور اور راہ ہدایت کا سبب بھی بنتا ہے۔

۱- ۔ اصول کافی ، ج۲ ، ص ۶۰۶ ۔

قرآن انسان کے کمال کا زینہ ہے

اللہم و کما نصبت بہ محمداً علما للدّلالۃ علیک، و انہجت بآلہ سُبُل الرّضا الیك، فصلّ علی محمد و آلہ، واجعل القرآن وسیلۃً لنا الی اشرف منازل الکرامۃ، و سُلّماً نعرج فیہ الی محلّ السلامۃ، وسبباً نجزی بہ النجاۃ فی عرصۃ القیامۃ، و ذریعۃً نقدم بہا علی نعیم دار المقامۃ۔

بار الہا ! جس طرح

تو نے اس قرآن کے ذریعہ محمد کو اپنی رہنمائی کا نشان بنایا ہے اور ان کی آلؑ

کے ذریعہ اپنی رضا اور خوشنودی کی راہیں آشکارکی ہیں،یوں ہی محمد اور ان کی آل ؑ پر رحمت نازل فرما اور ہمارے لیے قرآن کو عزّت و بزرگی کی بلند پایہ منزلوں تک پہنچنے کا وسیلہ اور سلامتی کے مقام تک بلند ہونے کا زینہ نیز میدان محشر میں نجات کو جزا میں پانے کا سبب اور محل قیام (جنت) کی نعمتوں تک پہنچنے کا ذریعہ قرار دے۔

تشریح

چونکہ انسان کے آگے بڑھنے کی کوئی حد اور انتہاء نہیں اور قرآن انسان کے لیے ایک ایسی غیبی کتاب ہے جوخداوندمتعال کی طرف حرکت کرنے کا مکمل پروگرام ہے۔قرآن کی مدت ختم ہونے کی کسی تاریخ کا تصور نہیں کیا جاسکتا اور یہ کتاب بشریت کے تمام ادوار حیات کے لیے نازل کی گئی ہے اور ایک ایسی سیڑھی ہے جو لامتناہی ابدی سزا کے لیے بنائی گئی ہے۔

١۔ انہجت بآلہ سبل الرضا الیک:" انہجت":" اوضحت" یعنی روشن اور واضح کیا ہے

انسانی نفس کے تین مرتبے ہیں: امارہ،

لوّامہ اورمطمئنہ(۱)نفس مطمئنہ:جس نے شیطانی وسوسے اور ہوا ئے نفس کے چنگل سے رہائی پالی ہے اور آرام وسکون تک پہنچ چکا ہے یہ نفس کا سب سے بلند مرتبہ ہے اور اس کے کمال کی علامت اسی مرتبہ کا مطمئن ہونا ہے اس مرتبہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کو رضا کا مقام حاصل ہے یعنی وہ خدا سے راضی ہے اور خداوند متعال بھی اس سے راضی ہے۔

دینی نظام میں فردی اور اجتماعی دونوں پہلوؤں سے حرکت کی بنیاد یہ ہے کہ خدا وندمتعال کی رضا یت کو مرکز و محور قرار دیا جائے یعنی حرکت کا دارومدار رضایت الٰہی پر ہے۔ انسان کی گفتار ورفتار اور فکر اس طرح سے منظم ہو کہ اس کا محور خداوندمتعال کی خوشنودی ہو،لیکن اہم بات یہ ہے کہ خدا وندمتعال کی رضایت حاصل کرنا کیوں کرممکن ہے ؟

اس کے لئے ضروری ہے کہ حاملین قرآن کی بحث میں جو مطالب بیان ہوئے وہ مد نظر رہیں۔ یہ حقائق خداوندمتعال کی رضایت کی نشاندہی کرتے ہیں ان میں سے ایک قرآن ہے ایسی کتاب جو خداوندمتعال کی طرف سے نازل شدہ ہے اور دوسری چیز انسان کامل ہے جو قرآن کا حامل ہے،یعنی ایسا انسان جو باطنی پاکیزگی کے اس مرتبہ تک پہنچ چکا ہے جس میں ہوائے نفس کو اس نے ختم کردیا ہے اور مقام اطمینان کا حامل ہے۔ اورجو کچھ بھی کہتا ہے اور انجام دیتا ہے وہ ہوائے نفس کی وجہ سے نہیں بلکہ رضائے خدا کی بنیاد پر ہے اسی لئے تمام مراتب میں عصمت کا حامل ہے اور اس کا قول وفعل اور تقریر حجت ہے کیوں کہ اس کا فعل اور تقریر

۱- ہ نفس امارہ: یہ برائی کا حکم دیتا ہے،نفس لوامہ: یہ مرتبہ میں نفس امارہ سے بالا تر ہے اور چاہتا ہے کہ اچھا رہے اور اگر کوئی برائی اس سے ہوجائے تو اپنے آپ کو سرزنش اور ملامت کرتا ہے۔

(سکوت)رضائے الٰہی کاانکشاف کرتی ہے،پس حدیث ثقلین میں جن دو گراں قدر چیزوں(قرآن و عترت) کے بارے میں ذکر ہواہے کہ ان سے تمسک کریں یعنی ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ دو چیزیں خدا وندمتعال کی رضا یت کے راستوں میں سے ہیں ۔

امام سجاد علیہ السلام صحیفہ کی سینتالیسویں دعا میں فرماتے ہیں:

”وجعلتہم (اہل البیت) الوسیلہ الیک و المسلک الی جنّتک؛انہیں(اہل بیت علیہم السلام) کو اپنی بارگاہ کے لیے وسیلہ اور اپنی جنت کا راستہ بنا دیا ہے۔“(۱)

۲۔ سلّم:زینہ۔

۳۔ ذریعہ: وسیلہ ۔

قرآن اور انسان سازی

اللہم صلّ علی محمد و آلہ، و احطط بالقرآن عنّا ثِقل الاوزار،و ھب لنا حسن شمائل الابرار، و اقف بنا آثار الّذین قاموا لک بہ آناءَ اللیل و اطراف النّہار، حتّی تُطہّرنا من کل دَنس بتطہیرہ و تقفوبنا آثار الّذین استضآؤوا بنورہ، و لم یلہہم الامل عن العمل فیقطعہم بخدع غرورہ۔

اللہم صل علی محمد و آلہ، واجعل القرآن لنا فی ظُلم اللیالی مؤنساً، و من نزغات الشیطان و خطرات الوساوس حارِساً، وَ لِاقدامنا عن نقلہا الی المعاصی حابساً، و لَالسنتنا عن الخوض فی الباطل من غیر ما آفہ مخرساً، و لجوارحنا عن اقتراف الآثام زاجراً، و لما طوت الغفلہ عنّا من تصفّح الاعتبار ناشراً، حتی توصل الی قلوبنا فہم عجائبہ، و

۱۔ ۔ صحیفہ سجادیہ ، دعا ۴۷ ، فقرہ ۵۶ ۔

زواجر امثالہ الّتی ضَعُفتِ الجبال الرّواسی علی صلابتہا عن احتمالہ۔

اللہم صلّ علی محمد و آلہ، و ادم بالقرآن صلاح ظاہرنا،واحجب بہ خَطَرات الوساوس عن صحّۃ ضمائرنا، و اغسل بہ درَن قلوبنا علآئق اوزارنا، و اجمع بہ منتشر امورنا، و ارو بہ فی موقف العرض علیک ظما ہواجرنا، واکسنا بہ حلل الامان یوم الفزع الاکبر فی نُشُرنا۔

اللہم صلّ علی محمد و آلہ، واجبُر بالقرآن خلّتنا من عدم الاملاق، و سُق الینا بہ رغد العیش و خصب سعۃ الارزاق، و جنّبنا بہ الضّرائب المذمومۃ و مدانی الاخلاق، واعصمنا بہ من ہوّۃ الکفر و دواعی النّفاق، حتّی یکون لنا فی القیامۃ الی رضوانک و جنانک قآئداً، و لنا فی الدنیا عن سخطک و تعدّی حُدودک ذائداً و لما عندک بتحلیل حلالہ و تحریم حرامہ شاہداً۔

اے اللہ!محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور قرآن کے ذریعہ گناہوں کا بھاری بوجھ ہمارے سر سے اتار دے اور نیک و صالح لوگوں کے اچھے خصائل و عادات ہمیں مرحمت فرما اور ان لوگوں کے نقش قدم پر چلا جو تیرے لیے رات کے لمحوں اور صبح و شام کی گھڑیوں میں قرآن کو

اپنا دستور العمل بناتے ہیں(اس کی تلاوت،اس میں تدبر اور اس پر عمل کرتے ہیں) تاکہ اس کی تطہیرکے وسیلہ سے تو ہمیں ہر آلودگی سے پاک کر دے اور ان لوگوں کے نقش قدم پر چلاۓ جنہوں نے اس کے نور سے روشنی حاصل کی ہے،اور امیدوں نے انہیں عمل سے غافل نہیں ہونے دیا کہ انہیں اپنے فریب کی نیرنگیوں سے تباہ کر دیں۔ اے اللہ! محمد اور

ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور قرآن کو رات کی تاریکیوں میں ہمارا مونس بنا اور شیطان کے مفسدوں اور دل میں گزرنے والے وسوسوں سے نگہبانی کرنے والا قرار دے اسے ہمارے قدموں کو نافرمانیوں کی طرف بڑھنے سے روک دینے والا اور ہماری زبانوں کو باطل پیمائیوں سے بغیر کسی مرض کے گنگ کر دینے والا ،ہمارے اعضاء کو ارتکاب گناہ سے باز رکھنے والا اور ہماری غفلت و مدہوشی نے جس دفتر عبرت و نصیحت اندوزی کو تہ کر رکھا ہے، اسے پھیلانے والا قرار دے تاکہ اس کے عجائب و رموز کی حقیقتوں اور اس کی متنبہ کرنے والی مثالوں کو کہ جنہیں اٹھانے سے پہاڑ اپنے استحکام کے باوجود عاجز آچکے ہیں، ہمارے دلوں میں اتار دے۔

اے اللہ ! محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور قرآن کے ذریعہ ہمارے ظاہر کو ہمیشہ صلاح و رشد سے آراستہ رکھ اور ہمارے ضمیر کی فطری سلامتی سے غلط تصوّرات کی دخل اندازی کو روک دے اور ہمارے دلوں کی کثافتوں اور گناہوں کی آلودگیوں کو دھو دے اور اس کے ذریعہ ہمارے پراکندہ امور کی شیرازہ بندی کر اور میدان حشر میں ہماری جھلستی ہوئی دوپہروں کی تپش و تشنگی بجھا دے اور سخت خوف و ہراس کے دن جب قبروں سے اٹھیں تو ہمیں امن و عافیت کے جامے پہنا دے۔

اے اللہ!محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور قرآن کے ذریعہ فقر و احتیاج کی وجہ سے ہماری خستگی و بدحالی کا تدارک فرما، زندگی کی آسائش اور فراخ روزی کی آسودگی کا رخ ہماری جانب پھیر دے اور بُری عادات نیز پست اخلاق سے ہمیں دور کر دے اور کفر کے گڑھے (میں گرنے سے) اور نفاق انگیز چیزوں سے بچا لے تاکہ وہ ہمیں قیامت میں تیری خوشنودی و جنت کی طرف بڑھانے والا اور دنیا میں تیری ناراضگی اور حدود شکنی سے

روکنے والے ہو اور اس امر پر گواہ ہو کہ جو شے تیرے نزدیک حلال تھی اسے حلال جانا اور جوشے حرام تھی اسے حرام سمجھا۔

تشریح

دعا کے اس حصے میں قرآن کے بارے میں بیان ہوا ہے کہ کس طرح یہ انسانی زندگی کے لیے ایک دستور اور انسان ساز ہے۔

انسان کے معنوی پہلو کی تربیت کے لیے قرآن سے بہرہ مند ہونے کو بیان کیا گیا ہے، یہ موضوع چار حصوں میں تقسیم ہوتا ہے جس کا محور انسان کی تربیت اورنشوو نما ہے۔

۱۔انسان کے لیے کوشش اور جدوجہد کرنے والوں کے مرحلے تک پہنچنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے کیوں کہ آرزوئیں اور خواہشات جیسی کوئی بھی رکاوٹ انسان کے کمال کی راہ میں حائل نہیں ہوسکتی۔ اس مرتبے کے مراحل درج ذیل ہیں۔

۱الف:۱۔ انسانی قدموں سے گناہوں کی زنجیریں کھولنا جوانسانی ہدایت میں سد راہ ہیں۔

ب: صالحین کے طریقۂ کار اور اخلاق کاحامل ہونا۔

ج:ان لوگوں کی پیروی جو اپنے تمام اوقات قرآن کے سائے میں گزار تے ہیں۔

۲۔فہم کے مرتبے تک رسائی اور قرآنی معارف و عجائب کی دل سے شناخت:قرآنی حقائق سمجھنا ایسی بات نہیں جو صرف سوچنے سے حاصل ہوجائے کیوں کہ اس قسم کا فہم ایک ایسی معرفت ہے جو صرف دل سے حاصل ہوتا ہے اور جب تک دل اس خاص پاکیزگی اور طہارت تک نہ پہنچے تو قرآن کے رموز وحقائق

تک نہیں پہنچ سکتا۔ ہمارے اعضاء و جوارح اور حواس پانی کی ایسی نہریں ہیں جو ہمارے دل کے دریا پر جاری ہوتی ہیں اور یہ پانی حقیقی دانش کا راز ہے اور اب اگر ان نہروں کو اچھی طرح صاف وشفاف کیا جائے تو اس میں موجود پانی سرمایہ حیات ہے گویا اپنے اعضاء، حواس اور اپنے عمل کے کنٹرول سے حقیقی شناخت اور امادہ دل تک پہنچ سکتے ہیں۔ اگر ایسا نہ کریں تو یہ پانی بدبودار اور استعمال کے قابل نہیں ہوگا، یعنی حقیقی علم ودانش نہ فقط دل کو روشن نہیں کرے گا بلکہ اپنے اعمال کو کنٹرول نہ کرنے کی وجہ سے دل میں شک وشبہے اور وسوسے ایجاد کردے گا دل کی تاریکی اور کدورت اسی حالت کی طرف اشارہ ہے۔ مقدس شریعت نے جو انسان کو اعمال اور اعضاء وجوارح کی حفاظت کا پابند بنایا ہے،مزید باطل وگناہ کی راہ پر چلنے سے منع فرمایا ہے تاکہ انسان دل کی پاکیزگی کی طرف راغب ہو، طہارت اور دل کی پاکیزگی سے مبدا و معاد کی حضوری معرفت تک پہنچ جائے۔

قابل ذکر ہے کہ ذہنی شناخت کا ایک خاص طریقہ ہے جسے صحیح تفکر بھی کہتے ہیں اور جب تک اس صحیح طریقہ کار کو استعمال نہ کیا جائے تو حاصل شدہ علم معتبر نہیں ہوتا۔ دل کی شناخت کا بھی اپنا ایک خاص طریقہ ہے،کیوں کہ معرفت قلبی دل میں حقیقت کے انعکاس کی صورت ہوتی ہے اور جب تک دل کا ائینہ شفاف نہ ہو تو غیبی حقائق منعکس نہیں کرسکتا۔

۳۔ طہارت اور دل کی سلامتی:کمال کی طرف بڑھنے کا تیسرا راستہ پاکیزگی اور دل کی سلامتی ہے اور اس کا اثر یہ ہے کہ شخص (لا۔خوف علیہم ولا ہم یحزنون)کے مقام تک پہنچ جاتا ہے۔ قیامت جوکہ خوف کا وقت ہے اور سب ایک دوسرے سے گریزاں ہیں اس کے دل میں کسی قسم کا خوف و ڈر اس نہیں ہے، کیوں کہ

طہارت و پاکیزگی اور دل کی سلامتی کے ساتھ خداوندمتعال کی دوستی کے محبوب مقام تک پہنچ چکا ہے اب اسے کسی چیز کا خوف نہیں ہے۔

۴۔ معیشت کی اصلاح اور زندگی:چوتھے حصے میں امام علیه السلام نے معیشت کی اصلاح اور زندگی کی طرف اشارہ کیا ہے۔ عرفانی مطالب کے درمیان اس مطلب کا ذکر اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ معیشت کا انتظام انسان کی اخروی اور معنوی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے، اسی لیے امام علیه السلام نے خداوندمتعال سے وسعت رزق کی درخواست کی ہے نیز اس حصے میں دوقسم کے انحراف سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے۔ انسان کو ان تمام مراحل میں ان دو قسم کے انحرافات سے بچنا چاہیے اور جب تک اس دنیا سے کوچ نہ کرجائے

ممکن ہے کہ یہ دو خطرے اس کے دامنگیر ہوجائیں ،وہ دوانحراف مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔عقیدتی پہلو سے انحراف کہ اسے "کفرونفاق"سے تعبیر کیا گیا ہے۔

۲۔اخلاقی پہلو سے انحراف اور یہ غیر مہذب اخلاقی عادات کا حامل ہونا ہے۔ یہ ایک طبیعی بات ہے کہ رضائے الٰہی کے راستے پر چلنا،بہشت تک پہنچنا اور خداوندمتعال کے عذاب سے دور ہونا اسی صورت میں ممکن ہے جب ان دو خطرات سے پرہیز کیا جائے۔

۱۔احطط...الاوزار"حطّ یحط حطّا"سے ہے نیچے اتارنا، کم ہونا۔

"الاوزار""وزر"کی جمع ہے اس کا معنی گناہ ہے کیوں کہ گناہ انسان کے کندھوں پر ایک سنگین وزن کی طرح ہے اسی وجہ سے اس کو"وزر"سے تعبیر کیا گیا ہے۔کلمہ"حط"اس کے لیے موزوں ہے یعنی گناہوں کی سنگینی کو ہمارے کاندھوں سے اتار دے۔

۲۔ شمائل الَابرار: شمائل،طبائع،اخلاق۔

۳۔ واقف بنا "قفوالرجل اذاتبعت اثرہ"سے ہے میں اس کے نقش قدم پر چلا عبارت کا معنی یوں ہے کہ ہمیں ان کا پیروکار قرار دے ۔

۴۔قاموالک بہ:کسی چیز کے لیےقیام کرنا اور اس کے بر پا کرنے کے لیے کوشش اور سختی تحمل کرنا۔ مجمع البحرین میں"قیام" کا معنی یوں بیان ہوا ہے۔

قام بالامر اذا جد وتجلّد،جب بھی کسی چیز کی کوشش کرے اور اس کی خاطر سختی اور رنج کا متحمل ہو۔اس دعا میں عبارت کامعنی یہ ہے: وہ لوگ جنہوں نے تیری خاطر تمام اوقات قرآن کے لیے وقف کردیے یعنی قرآن کی تلاوت، اس کے معنی میں تدبر اور اس پر عمل کرنے میں گزارے۔

۵۔ نزغات "نزغہ"کی جمع ہے جس کی اصل "نزغ"ہے بمعنی فساد اور وسوسہ۔

۶۔من غیر ما آفۃ:"ما" اس جملے میں زائدہ ہے: عبارت کا معنی یہ ہے کہ زبان کا بند ہوجانا، یہ گنگ ہونا بیماری کی وجہ سے یا بہ اختیار نہ ہوکہ ایسی صورت میں کوئی فضیلت نہیں اور اس پر کسی قسم کا ثواب بھی نہیں۔یہ حالت اختیار کے ساتھ ہونی چاہیے یعنی اپنی زبان کو بند رکھیں نہ یہ کہ خود بخود بند ہوجائے۔

۷۔ لماطوت الغفلۃ عنّا من تصفّح الاعتبار ناشراہ"طوت""طی"سے ہے بمعنی لپیٹنا، چھپانا اور اس کا متضاد" نشر"ہے اس کا معنی کھولنا اور پھیلانا ہے۔

تصفّح" نگاہ ڈالنا اور جستجو کرنا۔

" الاعتبار" عبرت اور نصیحت کے معنی میں ہے۔

ص: ۱۴۸

اس فقرہ میں غفلت(بے خبری) کے مقابلہ میں عبرت (بینا اورباخبرہونا)اور "نشر" کے مقابلہ میں"طی" ہے۔(۱)

غفلت کا کام حقیقت کو چھپانا ہے جب کہ عبرت حقیقت کو ظاہر کرتی ہے،غفلت نابینائی اور عبرت بنادیتی ہے۔

۸۔زواجر امثالہ"زواجر" زاجر کی جمع ہے بمعنی مانع اور یہ صفت کا موصوف کی طرف اضافہ ہے۔" الامثال الزاجرہ"کیونکہ قرآن کی مثالوں میں یہ خصوصیت ہے کہ وہ گناہ کے ارتکاب اور ہوائے نفس کی پیروی سے روکتی ہیں۔

۹۔ الرّواسی:"راسیہ"

کی جمع ہے ثابت قدم اور محکم۔

۱۰۔احتمالہ:اٹھاناحمل کرنا یہ فقرہ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ کرتا ہے:

"لو انزلنا ہذا القرآن علی جبل لرأیتہ خاشعاً متصدّعاً من خشیۃ اللہ و تلک الامثال نضربہا للنّاس لعلّہم یتفکرون "(۲)

اس آیت سے مراد سنگدلی پر انسان کی سرزنش کرنا ہے اور قرآن کی تلاوت کے دوران اس کےخضوع وخشوع اورمعانی میں کمی نہ کرنے پر توجہ دلانا ہے۔

۱۱۔ درن قلوبنا:" درن" یعنی میل اور آلودگی یہاں پر قساوت قلب، گناہ اور غفلت کی حالت کو ظاہری طور پر آلودگی سے تشبیہ دی گئی ہے۔ ظاہری میل اور آلودگی نہ فقط افراد کی بیزاری کا سبب ہے بلکہ انسان کی سلامتی کو بھی خطرہ سے دوچار کرتی ہے۔ قلبی اور باطنی آلودگی بھی اسی طرح ہے یعنی ان فرشتوں اور پاکیزہ

۱- ۔ مجمع البحرین ،طریحی ، ج ۶ ص ۱۴۱ ۔
۲- ۔ سورہ حشر ، آیت ۲۱ ۔

انسانوں کی نفرت کا سبب ہے۔ جو غیب سے تعلق رکھتے ہیں مزید یہ باطنی آلودگی اور انسان کے دل کی سلامتی کے لیے خطرے کی گھنٹی ہے۔

۱۲۔ ظما ہو اجرنا"ظماء"تشنگی، پیاس۔ "ہواجر""ہاجرہ" کی جمع ہے اس کا معنی ہے دوپہر کا وہ وقت جب گرمی اور حرارت کی شدت ہوتی ہے۔

راغب اپنی کتاب مفردات میں یوں رقم طراز ہیں:یہ وہ وقت ہے جب شدید گرمی کی وجہ سے چلناپھرنا ممکن نہیں ہوتا،کیوں کہ لوگ ایسے وقت سے دور بھاگتے ہیں، اسی لیے اسے" ہاجرہ" کہتے ہیں۔(۱)

۱۳۔ نشور:" نشر" کی جمع ہے موت کے بعد زندگی کی طرف لوٹنا۔

۱۴۔خلّتنا:"حاجتنا"

ہماری حاجتیں۔

۱۵۔الاملاق: فقر،کسی چیز کا نہ ہونا۔

۱۶۔ رغد العیش: زندگی اور معیشت کا اچھا اور دلچسپ ہونا ۔

۱۷۔ خصب: اصل میں اس کا معنی زیادہ گھاس ہے اور یہاں بہت زیادہ خیر و برکت کی طرف اشارہ ہے۔

۱۸۔الضرائب المذمومہ:"الضرائب""ضریبہ"کی جمع ہے،عادت،سرشت اور اخلاق کے معنی میں ہے۔

ص: ۱۵۰

۱- ۔ المفرادات ، راغب اصفہانی ، ص۵۳۷ ۔

۱۹۔ مدانی الاخلاق:"مدانی""دنائت"سے ہے یعنی ذلت و پستی، اخلاق سے گری ہوئی باتیں یا برااخلاق۔

۲۰۔ ہوہ الکفر:"ہُوّہ"عمیق گڑھا اور کفر کو یہاں پر گہرے گڑھے سے تشبیہ دی گئی ہے۔ اور تشبیہ کی وجہ تاریکی، تنگی اور کفر سے چھٹکارے کا مشکل ہونا ہے۔

۲۱۔ ذائداً:"مانعاً" رکاوٹ۔

قرآن اور موت و قیامت کی سختیاں

اللّٰھم صلّ علی محمد و آلہ و ھوّن با لقرآن عند الموت علی انفسنا کرب السیاق و جھد الانین، و ترادف الحشارج (... اذا بلغت التّراقی۔ و قیل من راق)و تجلّیٰ ملک الموت لقبضھا من حجب الغیوب، و رماھا عن قوس المنایا باسھم وحشۃ الفراق، وداف لھا من ذعاف الموت کاَساًمسمومۃ المذاق، ودنا منّا الی الآخرۃ رَحیل و انطلاق،و صارت الاعمال قلائد فی الاعناق، و کانت القبور ھی الماویٰ الی میقات یوم التّلاق۔

اللّٰھم صلّ علی محمد وآلہ،و بارک لنا فی حُلُول دار البلیٰ و طول المُقامۃ بین اطباق الثّریٰ، واجعل القبور بعد فراقِ الدنیا خیر منازلنا،و افسح لنا برحمتک فی ضیق ملاحدنا، ولا تفضحنا فی حاضری القیامۃ بموبقات آثامنا،و ارحم بالقرآن فی موقف العرض علیک ذلّ مقامنا و ثبّت بہ عند اضطراب جسر جھنم یوم المجاز علیھا زلّل اَقدامنا، و نجّنا بہ من کلّ کرب یوم القیامۃ، و شدائد اِھوال یوم الطّامّۃ، و بیّض وُجوھنا

یوم تسودّ وجوہ الظلمۃ فی یوم الحسرۃ و الندامۃ، و اجعل لنا فی صدور المؤمنین وُدّا،و لا تجعل الحیاۃ علینا نَکَداً۔

اے اللہ!محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور اس قرآن کے وسیلے سے موت کے وقت نزع کی اذیتوں؛ کراہنے کی سختیوں اور جان کنی کی لگاتار ہچکیوں کو ہم پر آسان فرما جب کہ جان گلے تک پہنچ جائے اور کہا جائے کہ کوئی جھاڑ پھونک کرنے والا ہے؟(جو کچھ تدارک کرے) اور ملک الموت غیب کے پردے چیر کر قبض روح کے لیے سامنے آئے اور موت کی کمان میں فراق کی دہشت کے تیر جوڑ کر اپنے نشانے کی زد پر رکھ لے اور موت کے زہریلے جام میں زہر ہلاہل گھول دے اور آخرت کی طرف ہمارا چل چلاؤ اور کوچ قریب ہو نیز ہمارے اعمال ہماری گردن کا طوق بن جائیں اور قبریں روز حشر کی ساعت تک آرام گاہ قرار پائیں۔

اے اللہ!محمد اور اس کی آل پر رحمت فرما اورکہنگی اوربوسیدگی کے گھر(قبر) میں اترنے اور مٹی کی تہوں میں مدت تک پڑے رہنے کو ہمارے لیے مبارک قرار دینا اور دنیا سے منہ موڑنے کے بعد قبروں کو ہمارے لیے اچھا گھر بنا نا اور اپنی رحمت سے ہمارے لیے قبر کی تنگی کو کشادہ کر دینا۔

حشر کے عام اجتماع کے سامنے ہمارے مہلک گناہوں کی وجہ سے ہمیں رسوا نہ کرنا اعمال کے پیش ہونے کے مقام پر ہماری ذلت و خواری کی وضع پر رحم فرمانا اور جس دن جہنم کے پل پر سے گزرنا ہو گا، تو اس کے لڑکھڑانے کےوقت ہمارے ڈگمگاتے ہوئے قدموں کو جما دینا اور قیامت کے دن ہمیں اس کے ذریعے ہر اندوہ اور روز حشر کی سخت

ہولناکیوں سے نجات دینا، اور جب کہ حسرت و ندامت کے دن ظالموں کے چہرے سیاہ

ہوں گے ہمارے چہروں کو نورانی کرنا اور مؤمنین کے دلوں

میں ہماری محبت پیدا کر دے اور زندگی کو ہمارے لیے دشوار گزار نہ بنائے

وضاحت:

یہاں پر موت کی سختیوں اور مشکلات کو بیان کیا گیا ہے۔موت وہ تلخ جام ہے جس کو ہر ایک کو پینا ہے۔ ایک ایسی واقعیت جو دو خصوصیات کی حامل ہے۔

۱۔ تمام تعلقات اور مال و دولت سے جدائی۔

۲۔ وہ تمام اعمال جو اس نے اپنی پوری زندگی میں انجام دیے ان سے عدم جدائی۔اس کے اعمال نامے کو اس کی گردن میں آویزاں کیا جائے گا تاکہ ان کا جواب دے۔مسئلہ صرف موت پر ختم نہیں ہوتا بلکہ ابدی زندگی تک پہنچنے کے لیے قبر اور قیامت کی سختیوں کو بھی طے کرنا پڑے گا۔

امام سجاد علیه السلام موت اور اس کے بعد کے مراحل میں قرآن کے کردار کے متعلق اشارہ کرتے ہیں۔

پہلا مرحلہ:موت کی سختی

اور جان کنی ہے قرآن اس مرحلے میں تمام سختیوں کو آسان کرنے والا ہے۔ یہ عبارت

"ہوّن بالقرآن" اس نکتہ کی طرف اشارہ ہے کہ اگر کسی شخص نے اپنی زندگی میں قرآن سے رابطہ برقرار کیا ہو اوراس پرعمل بھی کیا ہو تو وہ یہ مرحلہ آسانی سے طے کر سکتا ہے اور یہ قرآن ہی ہے جو اس کے سخت ترین مرحلوں میں مدد کرتا ہے۔

دوسرا مرحلہ: یہ موت کے بعد کا مرحلہ ہے دعائے حزین میں امام سجاد علیه السلام کی تعبیر کے مطابق موت سے زیادہ مصیبت اور مشکل مراحل موت کے بعد ہیں لہذا امام علیه السلام اس دعا میں(وراحم با

لقرآن) کی تعبیر کو لائے ہیں، یعنی موت کے بعد کے مراحل میں ہم مدد کے زیادہ محتاج ہیں جہاں

انسان کے باطنی اوصاف اور اعمال کی جوابدہی ہے فقط قرآن ہے جو رحمت کے نزول کا سبب ہے اور ان تمام مراحل میں انسان کی کامیابی کا باعث ہے۔

سب سے اہم اور قابل توجہ نکتہ یہ ہے کہ امام علیہ السلام نے اس دعا میں موت کے بعد کی سختیوں اور مصیبتوں کو بیان کیا ہے اور خدا وند متعال سے قرآن کے وسیلے سے ان سختیوں کی آسانی کے لیے التجا کی ہے صحیفۂ سجادیہ کی چوتھی دعا میں امام علیہ السلام نےموت کو شیرین، رحمت الہی اور مغفرت کی کلید شمارکیا ہے۔ وہ مٹھاس جس کا انسان اپنی

پوری زندگی مشتاق تھا۔ لیکن ایسی موت تبھی ہو گی جب انسان نے اعمال صالح

انجام دئیے ہوں۔ قرآن کا پیغام بھی یہی ہے کہ انسان ایمان کے ساتھ ساتھ

اعمال صالح کی طرف اپنے آپ کو راغب کرے اور یہ اعمال صالح در حقیقت وہی اطاعت الہی ہے۔ قرآن کے ساتھ اس قسم کے تمسک کے نتیجے میں موت اور اس کے بعد والی تمام سختیوں کو خوبصورت ترین اور شیر ین ترین واقعیت کی شکل میں انسان کے لیے تبدیل ہو جائیں گی۔

۱۔ ہوّن۔

آسان کرنا

۲۔ کرب السیاق" کر ب" غم و اندوہ ہے

"السیاق""ساق یسوق سیاقا،،سے ہے پیچھے سے ہنکانا "ساق المریض" مریض کی جان کنی کی حالت " کرب السیاق" جان نکلنے کی وجہ سے پیدا ہونے والا غم۔

صحیفۂ سجادیہ کی چوتھی دعا میں مذکور ہے:

ص: ۱۵۴

وتہوّن علیہم کل کرب یحل بہم یوم خروج الانفس من ابدانہا،بدن سے جان نکلنے کے وقت جو بھی غم و اندوہ ان پر وارد ہو اسے دور کرنا۔

۳۔ جہدالانین"جہد" رنج اور مشقت۔

"انین""ان الرجل من الوجع یئن انینًا" سے ہے مرد نے آہ بھری اور درد و رنج کی شدت سے فریاد بلند کی۔

۴۔ ترادف الحشارج" ترادف"ردیف میں اور پے درپے ہونا۔

" حشارج "" حشرجہ" کی جمع ہے ایک ایسی آواز جو موت کے وقت مرنے والے شخص کے گلے میں گھومتی ہے۔

۵۔التراقی"الترقوہ"کی جمع ہے گدی کے اوپر والی ہڈی اور"بلغت النفوس التراقی" اس عبارت کا معنی جان کا گلے تک پہنچنا ہے یہ عبارت کنایہ ہے اس شخص کے لیے جو موت سے روبروہو تاہے۔

۶۔قیل: من راقِ:" راقِ""رقی "سے اسم فاعل ہے ابن فارس معجم مقاییس اللغہ میں کہتے ہیں:

"رقی اصول ثلاثہ متباینہ

احدہا: الصعود الآخر :عوذہ یتعوّذبہا،والثالث:بقعہ من الارض"۔

رقی کے تین مختلف اصول ہیں: ان میں ایک صعود بمعنی اوپر جانا دوسرا تعویذ اور تیسرا زمین کا ٹکڑا ہے(۱)

۱– ۔ معجم مقاییس اللغہ، ابن فارس، ج ۲ ص ۴۲۶ ۔

اگر” راقی“ کا معنی صعود اور اوپر جانالیں تو اس عبارت میں معنی یہ ہوگاکہ: کیا کوئی راقی یا اوپر لے جانے والا ہے جو اس کی روح اوپر لے جائے ؟ اور اسے اس حالت سے خارج کردے۔

لیکن اگر اس شخص کے معنی میں لیں جو بیماری سے بہبود کے لیے تعویذدیتا ہے تو یہاں راق سے مراد طبیب ہو گا بلکہ اس عبارت کے سیاق کو دیکھتے ہوئے یہ معنی مناسب ہے کہ اس کا معنی یوں ہو:کیا کوئی ایسا طبیب ہے جو اس کا علاج کرے؟ اس آیت کی تفسیر میں ایک روایت امام محمد باقر علیه السلام سے نقل ہوئی ہے:(انّ ذ لک ابن آدم اذا دخل بہ الموت قال: ہل من طبیب ؟)۔[(١)]

۷۔المنایا” المنیہ“کی جمع ہے اس کا معنی موت ہے۔ اس عبارت میں موت کو ایسی کمان سے تشبیہ دی گئی ہے جو جدائی کے وحشت ناک تیر انسان کی طرف پھینکتی ہے۔

۸۔داف لہا من ذعاف الموت: ”داف یدوف دوفاً و اداف الدوا“ ”خلطہ“: ایک چیز کو مخلوط کرنا یا ایک چیز کو اس کے ساتھ ملانا”الذعاف“زہر”طعام مذعوف“ زہر آلود کھانا اور بعض کے بقول” ذعاف“خالص زہر کو کہتے ہیں۔

۹۔قلائد فی الاعناق:” قلائد“قلادہ کی جمع ہے: ایک ایسا گردن بند جسے شخص اپنی گردن میں آویزاں کرتا ہے اس عبارت کا اشارہ اس طرف ہے:(و کل انسن الزمنٰہ طٓئرہ فی عنقہ...)(اور ہم نے ہر

ص: ۱۵۶

۱– ۔ کافی ، محمد ابن یعقوب کلینی ، ج ۳ص۲۵۹، یہ حضرت آدم علیه السلام کے فرزندکے متعلق ہے جب اس پر موت آتی ہے تو کہتا ہے کیا کوئی طبیب ہے۔

انسان کا نام□ اعمال اس ک□ گل□ می□ ل□کا رک□ا □□□(۱) ی□ کنای□ □□ ک□ انسان ک□ اعمال اس س□ جدا ن□ی□ □وت□ جس طرح گل□ کا □ار گردن س□ جدا

ن□ی□ □وتا□

۱۰□المَاوی: اس س□ مراد قیامت کا دن □□ اور اس□ ملاقات ودیدار کا دن ک□ن□ کی وج□ ی□ □□ ک□ اس دن

□اسمان وال□ زمین والو□ کا دیدار کری□ گ□ یا اولین و □اخرین ایک دوسر□ کا دیدار کری□ گ□ یا ی□ ک□ انسان خدا وند متعال ک□ سات□ اپن□ عمل ک□ □مرا□ اور ظالم مظلوم ک□ سات□ ملاقات کری□ گ□□

۱۱□دار البِلیٰ:"بِلیٰ""بلی الثوب بِلیٰ و بَلاءً"س□ □□ ک□ جس کا معنی ک□ن□ لباس یا ک□ن□ گ□ر □□ پران□ گ□ر س□ مراد قبر □□ کیو□ ک□ انسان کا جسم اس جگ□ فرسود□ اور خاک می□ تبدیل □و جائ□ گا□

۱۲□المقام□:مصدر □□ جس کا معنی □□□رنا یا اقامت □□□

۱۳□اَطباق الثری:"الثری" نم دار زمین

"اطباق"طبق کی جمع □□ مثل سبب اور اسباب اور (طباق) ک□ وزن پر ب□ی اس کی جمع ذکر □وئی □□:نقل جبل و جبال اور اس س□ مراد طبق□ اور لباس □□□

۱۴□افسح:"فسح یفسح فسحاً"س□ □□ جس کا معنی وسعت اور گشادگی □□□

۱۵□ضیق ملاحدنا:"ضیق" تنگی □

" ملاحد""ملحد" کی جمع □□ جس کا معنی" لحد" □□ یعنی قبر کا گ□□ا□

۱- □سور□ اسراء □ایت ۱۳ □

۱۶۔حاضری القیامۃ بموبقات آثامنا: اصل میں "حاضرین" تھا چونکہ القیامۃ کی طرف اضافہ ہوا ہے لہٰذا اس کا نون حذف ہو گیا ہے، یعنی بہت سارے لوگ قیامت کے دن حاضر ہوں گے۔

"موبقات" "موبقہ" کی جمع ہے باب افعال سے اسم فاعل ہے "وبق و بوقا و موبقا" کے مادے سے ہے بمعنی ہلاک ہونا لہٰذا موبق کا معنی ہلاک کرنے والا ہے۔

"آثام" اثم کی جمع ہے گناہ کے معنی میں ہے۔ یہ ترکیب صفت کا موصوف کی طرف اضافہ ہے، یعنی آثام موبقہ: ایسے گناہ جو انسان کی ہلاکت یا نابودی کا سبب بنتے ہیں۔

۱۷۔یوم الطّامّۃ: "طامّہ"؛ ایسی بلا جو تمام مصیبتوں سے بالاتر ہے، "طمّ الاناء طمّا" کے مادے سے ہے؛ ظرف کو پُر کیا۔ اور کیونکہ قیامت کے دن کی مصیبت ہر طرح کی ہے اسی لیے اسے "یوم الطّامّۃ" کہا گیا ہے۔

۱۸۔تسودّ وجوہ الظّلمۃ: ممکن ہے چہرے کی سیاہی سے مراد، انسان کی خواری اور خسارے والی حالت ہو۔

۱۹۔ نکداً: دشواری اور سختی۔

رسول خدا پر درود و سلام

اللّٰہم صلّ علی محمد عبدک و رسولک کما بلّغ رسالتک، و صدع بأمرک، و نصح

لعبادک، اللّٰہم اجعل نبینا صلواتک علیہ و آلہ یوم القیامۃ اقرب النبیین منک مجلسا، و امکنہم منک شفاعۃ و اجلّہم عندک قدراً، و اوجہہم عندک جاہًا۔

اللّٰہم صلّ علی محمد وآل محمد، و شرّف بنیانہ، و عظّم برہانہ، و ثقّل میزانہ، و تقبّل شفاعتہ و قرّب وسیلتہ و بیّض وجہہ و اتمّ نورہ، و ارفع درجتہ و احینا علی سنّتہ، و توفّنا علی ملّتہ، وخذبنا منہاجہ، واسلک بنا سبیلہ، واجعلنا من اہل طاعتہ، واحشرنا فی زمرتہ، و اوردنا حوضہ، و اسقنا بکاسہ۔

ص: ۱۵۸

وصلّ اللہم علی محمد و آلہ صلاۃ تبلّغہ بہا افضل ما یامل من خیرک و فضلک و کرامتک، انک ذو رحمۃ واسعۃ و فضل کریم

اللہم اجزہ بما بلّغ من رسالتک، و ادّی من آیاتک، و نصح لعبادک، و جاہد فی سبیلک، افضل ما جزیت احدا من ملائکتک المقرّبین، انبیائک المرسلین المصطفین، والسلام علیہ وعلی آلہ الطیبین الطاہرین و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

اے اللہ!محمد جو تیرے خاص بندے اور رسول ہیں ان پر رحمت نازل فرما ؛جس طرح انہوں نے تیرا پیغام پہنچایا، تیری شریعت کو واضح طور پر پیش کیا اور تیرے بندوں کی خیر خواہی و نصیحت کی۔

اے اللہ!ہمارے نبی حضرت محمد کو قیامت کے دن تمام نبیوں سے منزلت کے لحاظ سے مقرب تر، شفاعت کے لحاظ سے بر تر، قدر و منزلت کے لحاظ سے بزرگ تر اور جا ہ و مرتبت کے لحاظ سے ممتاز تر قرار دے ۔

اے اللہ، محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور ان کی عزت و شرف کو بلند فرما، ان کی دلیل و برہان کو عظیم اور ان کے میزان (عمل کے پلّے) کو بھاری کر دے۔ ان کی شفاعت

قبول فرما اور ان کی منزلت اپنے سے قریب کر، ان کے چہرے روشن، ان کے نور

کامل، اور ان کے درجے بلند فرما۔ ہمیں انہی کے آئین پر زندہ رکھ اور انہی کے دین پر موت دے اور انہی کی شاہراہ پر گامزن کر اور انہی کے راستے پر چلا۔ اور ہمیں ان کے فرماں برداروں میں سے قرار دے اور ان کی جماعت میں محشور کر اور ان کے حوض پر اتار اور ان کے ساغر سے سیراب فرما۔

اے اللہ ! محمد اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرماکہ جس کے ذریعے انہیں بہترین نیکی، فضل اور عزت تک پہنچا دے جس کے وہ امید وار ہیں۔ اس لیے کہ تو وسیع رحمت اور عظیم

فضل و احسان کا مالک ہے۔ اے اللہ! انہوں نے جو تیرے پیغامات کی تبلیغ کی، آیتوں کو پہنچایا، تیرے بندوں

کو پند و نصیحت کی اور تیری راہ میں جہاد کیا، ان سب کی انہیں ایسی جزا دے جو ہر اس جزا سے بہتر ہو جو تو نے مقرب فرشتوں اور برگزیدہ مرسل نبیوں کو عطا کی، ان پر اور ان کی پاک و پاکیزہ آل پر سلام ہو اور اللہ تعالی کی رحمتیں و برکتیں ان کے شامل حال ہوں۔

تشریح

صحیفۂ سجادیہ کی دعاؤں کے امتیازات میں سے ایک یہ ہے کہ محمد و آل محمد علیہم السلام پر صلوات دعا کے وسط و

آخر میں ذکر ہوئی ہے۔ یہ دعا دوسری دعاؤں سے مختلف نہیں ہے؛ لیکن رسول خدا کی یاد اور ان پر درود اس دعا کاخاص موضوع ہے، کیوں کہ قرآن رسول خدا کے قلب مبارک پر نازل ہوا اور آپ اس کے ابلاغ ووضاحت میں بہت رنج و درد کے متحمل ہوئے،تا کہ لوگوں کو جہالت اور گمراہی سے نور ہدایت اور دانائی کی طرف دعوت دیں۔ لہذا

ضروری ہے کہ رسول خدا کا ذکر ہو اور آپ حضرت پر درود وسلام بھیجا جائے۔

ص: ۱۶۰

۱۔صدع بأمرك:"صدع "؛ اصل میں اس کا معنی شیشہ اور پتھرجیسی سخت چیزوں کو توڑنا ہے اور چونکہ توڑنے کا لازمہ الگ کرنا ہے اور بعض مقامات میں کسی چیز کو آشکار کرنا ہے۔ بنا بر این یہ کلمہ جدا کرنے اور آشکار کرنے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے "صدع بالحق"؛یعنی حق کو آشکار کیا لہٰذا یہاں دعا میں بھی آشکار کرنے کا معنی ہے یعنی تمہارے فرمان کو آشکار کیا۔

۲۔قرّب وسیلتہ:"وسیلہ" ایسی چیز جو انسان کو اس کے ہدف اور مطلوب تک پہنچاتی ہے۔ راغب اصفہانی المفردات میں وسیلہ کی حقیقت کے بارے میں کہتے ہیں" خداوندمتعال کی جانب وسیلہ علم و عبادت اور شریعت کے احکام پر عمل در آمد کا الٰہی راستہ ہے۔(۱)

فیض کاشانینے صحیفہ سجادیہ کے اپنے تعلیقات میں"وسیلہ" کو خداوندمتعال کے نزدیک آنحضرت کی منزلت اور درجے سے تعبیر کیا ہے۔ اس بنا پر عبارت " قرّب وسیلہ" کا معنی یہ ہے کہ خداوندمتعال آنحضرت کو اس منزلت تک پہنچائے جو اس نے آنحضرت کے لیے مخصوص کی ہے۔علامہ مجلسینے بحارالانوار میں تفسیر علی ابن ابراہیم سے ایک حدیث نقل کی ہے کہ جس میں "وسیلہ" کی حقیقت بیان کی گئی ہے ؛ پیغمبر گرامی نے فرمایا:اذا سَألتم اللہ فاسئلوا لی الوسیلہ، فسَألنا النبیّ عن الوسیلہ؟ فقال ہی درجتی فی الجنہ... ؛جب بھی خداوندمتعال سے درخواست کرو تو

ص: ۱۶۱

۱- ۔ المفردات ، راغب اصفہانی ، ص۵۲۳۔ ۵۲۴۔

میر□ لی□ وسیل□ کی درخواست کرو، پیغمبر گرامی س□ پوچ□ا گیا: وسیل□ کیا □□ ؟ آ□ حضرت ن□ فرمایا: ب□شت می□ میرا درج□ □□...□(۱)

ص: ۱۶۲

۱- □ بحار الانوار ، ج۷ ، ص۳۲۶ □

تیسری فصل

متن شناسی:باونویِ دعا

ص: ۱۶۳

متن شناسی

باونوی دعا: اللہ تعالی کے حضور انکساری و عاجزی کے اظہار پر حضرت علیه السلام کی دعا

خدا کے لیے خاکساری

ربّ افحمتنی

ذنوبی، و انقطعت مقالتی، فلا حجّۃ لی، فانا الاسیر ببلیّتی، المرتہن بعملی،

المتردّد فی خطیئتی المتحیّر عن قصدی، المنقطع بی۔

قد اوقفت نفسی موقف الاذلّاء المذنبین، موقف الاشقیاء المتجرّئین علیک، المستخفّین بوعدک، سبحانک ایّ جراۃ

اجترات علیک، و ایّ تغریر غرّرت بنفسی؟!

مولای! ارحم کبوتی لحرّ وجہی و زلّۃ قدمی و عد بحلمک علی جہلی، باحسانک علی اساءتی فانا المقرّ بذنبی، المعترف بخطیئتی، و ہذہ یداتی و ناصیتی استکین بالقود من نفسی، ارحم شیبتی و نفاد ایّامی، واقتراب اجلی، و ضعفی و مسکنتی و قلّۃ حیلتی۔

مولای!وارحمنی اذا انقطع من الدنیا اثری، و امّحی من المخلوقین ذکری و کنت فی المنسیین کمن قد نسی۔

ص: ۱۶۵

مولای !" وارحمنی عند تغیر صورتی و حالی اذا بلی جسمی و تغّرقت اعضائی و تقطّعت اوصالی "یا غفلتی عما یراد بی مولای وارحمنی فی حشری و نشری واجعل فی ذلک الیوم مع اولیآئک موقفی وفی

احبائک مصدری و فی جوارک مسکنی یا ربّ العالمین۔

اے میرے پروردگار!میرے گناہوں نے مجھے (عذر خواہی سے) چپ کرا دیا ہے، میری گفتگو بھی دم توڑ چکی ہے۔ تو اب میں کوئی عذر و حجت نہیں رکھتا۔ اس طرح میں اپنے رنج و مصیبت میں گرفتار اپنے اعمال کے ہاتھوں میں گروی، اپنے گناہوں میں حیران و پریشان، مقصد سے سرگرداں اور منزل سے دور افتادہ ہوں۔

میں نے اپنے کو ذلیل

گنہگاروں کے موقف پر لا کھڑا کیا ہے اور ان بدبختوں کے موقف پر جو تیرے مقابلہ میں جرأت دکھانے والے اور تیرے وعدے کو سرسری سمجھنے والے ہیں۔

پاک ہے تیری ذات، میں نے کس جرأت و دلیری کے ساتھ تیرے مقابلہ میں جرأت کی ہے اور کس تباہی و بربادی کے ساتھ اپنی ہلاکت کا سامان فراہم کیا ہے؟!۔

اے میرے مالک! میرے منہ کے بل گرنے اور قدموں کے ٹھوکر کھانے پر رحم فرما اور اپنے حلم سے میری جہالت و نادانی کو اور اپنے احسان سے میری خطاء و بد اعمالی کو بخش دے اس لیے کہ میں اپنے گناہوں کا مقرّ اور اپنی خطاؤں کا معترف ہوں۔ یہ میرا ہاتھ اور میری پیشانی کے بال

(تیرے قبضۂ قدرت میں) ہیں۔میں نے عجز و سرافکندگی کے ساتھ اپنے کو قصاص کے لیے پیش کر دیا ہے۔

بار الہا! میرے بڑھاپے، زندگی کے دنوں کے بیت جانے،موت کے سر پر منڈلانے اور میری ناتوانی، عاجزی اور بے چارگی پر رحم فرما۔

اے میرے مالک!جب دنیا سے میرا نام و نشان مٹ جائے اور ان لوگوں کی طرح جنہیں بھلا دیا جاتا ہے میں بھی بھلا دئیے جانے والوں میں سے ہو جاؤں تو مجھ پر رحم فرما نا ۔

اےمیرے مالک!میری صورت و حالت کے بدل جانے کے وقت جب میرا جسم کہنہ، اعضاء درہم برہم اور جوڑ و بند الگ الگ ہو جائیں تو مجھ پر ترس کھانا ہائے میری غفلت و بےخبری اس سے جو اب

میرے لیے چاہا جا رہا ہے۔

اے میرے مولا!حشر و نشر کے ہنگام مجھ پر رحم کرنا اور اس دن میرا قیام اپنے دوستوں کے ساتھ اور میری واپسی اپنے دوستداروں کے ہمراہ اور میری منزل اپنی ہمسائگی میں قرار دینا اے تمام جہانوں کے پروردگار۔

تشریح

ذلّت اصل میں نرم اور تسلیم ہو جانے کے معنی میں ہے اور ایسی صفت ہے جو خاکساری کی علامت ہے اس صفت کا حامل شخص آخر کار اپنے مدّ مقابل کے سامنے جھکنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔یہ مفہوم تنہا معنی نہیں دیتا یہ اپنے معنی کے لیے کسی دوسرے کا محتاج ہے

جیسےعلم اور عشق جب تک کسی دوسرے کے ساتھ نہ ملیں اپنے معنی پیدا نہیں کرتے۔

اور اصطلاح میں ان مفاہیم کو " ذات اضافہ" میں شمار کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر جب تک معلوم نہ ہو علم کی شکل و صورت نہیں بنتی اور جب تک معشوق نہ ہو عشق پیدا نہیں ہوتا، " ذلت" بھی اسی طرح دوسری چیز کی محتاج ہے۔ ان اوصاف اور مفاہیم کی اہمیت دوسری طرف موجود شخص کے متعلق ہے۔ مثال کے طور پر عشق کا مثبت یا منفی ہونا

معشوق سے متعلق ہے یا علم کی اہمیت اس کے معلوم کے ساتھ وابستہ ہے ورنہ صرف عشق کو نیک یا بد

ص: ۱۶۷

نہیں کہہ سکتے۔ ذلت بھی اس طرح ہے اس کی اہمیت کے لیے اس کے مقابل کی تحقیق کرنی پڑے گی۔ اگر یہ ذلت خداوند متعال کے حقوق کے مقابلہ میں تسلیم ہونا ہے تو یہ ذلت انسان کے بہترین صفات میں سے ہے کہ جس کو مثبت ذلت سے تعبیر کرتے ہیں۔ یہ وہی حالت ہے جو خدا کے ساتھ ہر قسم کے رابطہ(عبادت، دعا، شکر گزاری، استغفار وغیرہ) میں موجود ہو یہ صفت اس رابطہ کو خالص بناتی ہے اور خدا کے سامنے اعتراض کے بجائے انسان عذر خواہی زبان پر لاتا ہے اور عبادت میں احسان جتانے کے بجائے انسان شرمساری کا انداز اپناتا ہے۔یہ وہ ذلت ہے جو عزت پر ختم ہوتی ہے کیوں کہ یہ ذلت انسان کو خداوندمتعال کے سامنے تسلیم اور اطاعت کی طرف لے جاتی ہے اور خداوندمتعال کی اطاعت انسان کی دنیا و آخرت میں سر بلندی کا سامان ہے۔

اگر انسان ایسی حالت کے سامنے سرتسلیم خم کرے جو باطل امر ہو (جیسے دنیا اور اس کی شہوات) تو اس صورت میں یہ ذلت نفس کی بدترین صفات میں سے ایک ہو گی کہ جسے منفی ذلت کہا جاتا ہے۔ ایسی ذلت انسانی شخصیت کی پستی کا سبب بنتی ہے کیوں کہ دنیا کے مقابلہ میں سرتسلیم خم کرنا شیطان یا نفسانی خواہشات کا اسیر ہونا اور خداوندعالم کی نافرمانی کرنا ہے اور یہ چیز انسان کو پستی کی طرف لے جاتی ہے۔

۱۔اَفحمتنی:” فحم “ کے مادہ سے ہے، جواب دینے کی قدرت نہ رکھنا ”فحم الصبّی “ بچہ اس قدر رویا کہ اس کی آواز بند ہو گئی ”اِفحام “ دوسرے کو دلیل وغیرہ سے خاموش کرانا،یہاں گناہ سبب بنتے ہیں کہ گناہ کار شخص جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتا نہ ہی اپنے نفع میں دلیل قائم کر کے گناہ کے ارتکاب سے بچ سکتا ہے۔

۲۔المرتَہَن بعملی:” المرتہن “ اسم مفعول” رہن “کے مادہ سے ہے قید اور گروی کے معنی میں ہے۔اس عبارت کا معنی یہ ہے کہ انسان اپنے عمل کا گروی ہے اس معنی کا اشارہ اس آیت کریمہ کی

طرف ہے؛"...کُلّ امرئ بما کَسَبَ رہین"(ہر انسان اپنے عمل کا گروی ہے)(۱)رہن کی اصطلاح اس جگہ استعمال ہوتی ہے جہاں دَین، قرض کا مطالبہ کیا جارہا ہو اور معمولاً قرض کے مقابلہ میں جو چیز گروی کے طور پر دی جاتی ہے اسے"مرہون"یا" مرتَہن " کہتے ہیں۔

یہاں پر عمل قرض کی طرح ہے اور انسان کا نفس"مرتہن"کے مانند ہے اور جب تک انسان قرض ادا نہ کرے، گروی کی حالت سے آزاد نہیں ہو سکتا۔ انسان اور اس کے اعمال بھی ایسے ہی ہیں۔ جب تک نیک عمل یا عمل صالح انجام دے گویااپنا قرض ادا کیا ہے،کیونکہ خداوند متعال فقط عمل صالح قبول کرتا ہے اور فقط عمل صالح ہے جو خداکی طرف صعود کرتا ہے(۲) اگر کسی کا نیک عمل نہ ہو تو اس نے اپنے نفس کو برائی کے ذریعہ قید کر لیا ہے۔بنا بر این دعا کی عبارت ایک طرح سےبرائی کا اعتراف ہے۔

۳۔ المتحیّر عن قصدی:"قصد " مستقیم ؛ سیدھا ہونا اور ٹیڑھا نہ ہونا۔

۴۔المنقطع بی:مجہول ہے۔

اسےکہا جاتا ہے جو سفر میں باقی رہ گیا ہو جس کا زاد راہ تمام ہو گیا ہو یا جس کی سواری کانقصان ہوجائے کہ دونوں ہی صورت میں آگے بڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

۵۔غرّرت نفسی: اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالا اور میں نے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالا۔

۱- ۔ سورہ طور ، آیت ۲۱ ۔
۲- ۔ سورہ فاطر ، آیت ۱۰ ، الیہ یصعد الکلم الطیب و العمل الصالح یرفعہ۔

۶۔کبوتی:"کبا، یکبو، کَبواً اور کُبُوّاً لوجہہ" منہ کے بل زمین پر گر پڑنا یعنی سقوط اور عقوبت و عذاب میں گرنا ہے۔

۷۔حُرّوجہی:" حُرّ الوجہ"چہرہ کے رخسار کو کہتے ہیں۔ایسی حالت جو منہ کے بل خاک پر گر پڑے، ایک ایسی حالت جس میں انسان ذلت، رنج و درد کا احساس کرے اور مدد کا محتاج ہو، اسی وجہ سے

گناہ میں مبتلا ہونے کی حالت کو زمین پر منہ کے بل گرنے سے تشبیہ دی گئی ہے۔

۸۔ اَلقود: بمعنی قصاص ہے جرم کے بدلے برابر کا بدلہ ہے۔ضایع شدہ چیز کے برابر شے کا مطالبہ کیا جاتا ہے یہاں پر اس کا معنی مطلق سزا ہے۔

۹۔اَوصالی:"وصِل" کی جمع ہے واو مضموم یا مکسور ہے: مفصل، ہڈیوں کے جوڑ کی جگہ کو کہتے ہیں۔

۱۰۔ حشری و نشری:"حشر" لغت میں کسی گروہ کو ان کے گھروں سے باہر نکالنے کے معنی میں ہے اور ان کو جنگ کی طرف دھکیلنا وغیرہ ہے جیسے قیامت کے دن کہ جمع ہوں گے ۔

" نشر "مرنے کے بعد زندگی کی طرف لوٹنا ۔

دعا کے اسباق

دعا کے آثار انسان کے وجودپر بہت زیادہ ہیں اور اس کو بہت زیادہ درس سکھاتی ہے، ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

۱۔انسان کو چاہیے کہ ہمیشہ اپنے نفس کی اصلاح کی فکر میں رہے ؛ کیوں کہ نفس کی اصلاح ہمیشگی اور آخرت کی اصلاح کےدرپے ہے ۔

۲۔ اگر انسان اپنے آپ کو پست تر دیکھے گا تو بلند تر ہو جائے گا اور اپنے آپ کو بہت زیادہ گناہگار سمجھے گا تو تقویٰ و پرہیزگاری کی طرف زیادہ قدم بڑھائے گا، کیوں کہ نفس کی اصلاح کی راہ یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو ناقص اور مقصر سمجھے اورپروان چڑھنے کا اہم ترین عامل وسبب یہ ہے کہ اپنی خامیوں کو دور کرنے کی طرف توجہ رہے اور کمال کی طرف بڑھنے کا جذبہ باقی رہے۔

۳۔ انسان کو چاہیے کہ اپنے آپ کو فریب و دھوکہ نہ دے اور دنیا کا دل دادہ نہ ہو جائے کیوں کہ فرصت کے سنہرے لمحات اور جوانی وغیرہ ہمیشہ کے لیے باقی رہنے والی نہیں ہیں۔

۴۔ انسان کو چاہیے کہ ہمیشہ موت کی یاد میں رہے اور تمام حالات میں امید کے سایہ میں حرکت کرے اور اپنے اعمال سے ڈرے اور خداوندمتعال کی رحمت کا امیدوار رہے۔

۵۔ انسان کو چاہیے کہ ہر حال میں خداوندمتعال کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔

ص: ۱۷۱

منابع و مآخذ

ص: ۱۷۳

۱۔قرآن کریم [ترجمہ حجہ الاسلام شیخ محسن علی نجفی]۔

۲۔نہج البلاغہ[ترجمہ علامہ ذیشان حیدر جوادی]۔

۳۔صحیفہ ٔ سجادیہ [ترجمہ علامہ مفتی جعفر حسین]۔

۴۔آداب الصلاہ، سید روح اللہ امام خمینی، بی نا، بی تا، بی جا۔

۵۔الارشاد، محمدابن محمد مفید (شیخ)، مکتبہ بصیرتی، قم، بی تا۔

۷۔اصول کافی، محمدابن یعقوب کلینی،تصحیح علی اکبر غفاری، مکتبہ الصدوق، تہران، ۱۳۸۱ش۔

۶۔اقبال الاعمال،علی ابن موسیٰ ابن طاؤس، ج۲، دارالکتب الاسلامیہ، تہران، ۱۳۶۷ش۔

۷۔الاما م الصادق علیه السلام والمذاہب الاربعہ، اسد حیدر، ج ۲؛دارالکتاب العربی، بیروت، ۱۳۹۰ق۔

۸۔امام سجاد علیه السلام جمال نیایشگران، احمد ترابی،تحقیق گروہ تاریخ اسلام، بنیاد پژوہشہای اسلامی مشہد۱۳۷۹ش۔

۱۰۔اقرب الموارد،سید الخوری الشرتونی، بی نا، بیروت، بی تا۔

۱۱۔بحارالانوار علامہ محمد باقرمجلسی، داراحیاء التراث العربی، بیروت، چہاپ سوم، ۱۴۰۳ق۔

ص: ۱۷۵

۱۲- پژوهشی در تاریخ حدیث شیعه مجید معارف، مؤسسه فرهنگی هنری ضریح، تهران چهاپ اول ۱۳۷۴ش.

۱۳- تاریخ زندگانی چهارده معصوم علیهم السلام ،سید مهدی شمس الدین،دارالنشر قم، چهاپ اول، بی تا.

۱۴- تاریخ یعقوبی احمدیعقوبی، دارصادر،بیروت،بی تا.

۱۵- ترجمه وشرح صحیفهٔ سجادیه،علامه ابوالحسن شعرانی، کتابفروشی اسلامیه،تهران بی تا.

۱۶- ترجمه وشرح صحیفهٔ سجادیه،سید احمد فهری، مفید، تهران چهاپ اول ۱۳۷۰ ش.

۱۷- ترجمه وشرح صحیفهٔ سجادیه، علی نقی فیض الاسلام، بی نا، تهران، ۱۳۷۵ش.

۱۸- تعلیقات علی الصحیفه السجادیه، محمد مرتضی فیض کاشانی، مؤسسه آل البیت علیهم السلام چهاپ اول، ۱۳۶۶ش.

۱۹- تفصیل وسائل الشیعه، شیخ محمدا بن حسن حر عاملی، قم، چهاپ اول، ۱۴۰۹ق.

۲۰- حاشیه مکاسب، محمد اصفهانی، چهاپ سنگی، بی نا، بی جا، بی تا.

۲۱- الحکمه المتعالیه فی الاسفارالعقلیه الاربعه، صدرالدین شیرازی (ملاصدرا) مکتبه المصطفوی، قم، چهاپ دوم، ۱۳۶۸ش.

۲۲- حیات فکری وسیاسی امامان شیعه،رسول جعفریان،انصاریان،قم،چهاپ پنجم، ۱۳۲۳ق.

۲۳- خدا،انسان،جهان در نهج البلاغه، محمد تقی جعفری (علامه)، مقاله بنیادنهج البلاغه،تهران، بی تا.

۲۴- الدلیل الی موضوعات الصحیفه السجادیه،محمد حسین مظفر، جامعه مدرسین،قم، ۱۳۶۲ش.

ص: ۱۷۶

۲۵□الذریع□ الیٰ تصانیف الشیع□،محمدحسن ت□رانی(آغا بزرگ)مطبع□ القضاء،نجف، ۱۳۷۸ق□

۲۶□رجال النجاشی، احمدنجاشی، جامع□ مدرسین، قم، بی تا□

۲۷□زندگانی تحلیلی پیشوایان ما، ادیب عادل، ترجم□: اسدالل□ مبشری، دفتر نشرفر□نگ اسلامی، ت□ران، ۱۳۶۱ش□

۲۸□شرح الصحیف□ السجادی□، سید محمد باقر استرآبادی (میرداماد)، تحقیق سید م□دی رجائی، نشر م□دی□ میرداماد، اصف□ان،۱۴۰۶ق□

۲۹□الصحیف□ الثالث□ السجادی□،عبدالل□ افندی اصف□انی، نشر مکتب□ الثقلین،قم،۱۴۰۰ق□

۳۰□الصحیف□ الخامس□ السجادی□، سید محسن عاملی (امین) مکتب□ الامام امیرالمؤمنین علی□ السلام، اصف□ان ۱۳۷۱ش□

۳۱□الصحیف□ الرابع□ السجادی□،حسین نوری، مکتب□ الثقلین، قم، چ□اپ اول، ۱۳۹۸ش □

۳۲□الصحیف□ السجادی□ عن نسخ□ عتیق□ کتب عام ۴۱۶ق،تحقیق:کاظم مدیرشان□ چی،بنیاد پژو□ش□ای اسلامی آستان قدس،مش□د،چ□اپ اول، ۱۳۷۱ش□

۳۳□الطبقات الکبیر، محمدابن سعد واقدی، تصحیح: ادوارسخو، مؤسس□ نصر، ت□ران، بی تا□

۳۴□عوالم العلوم والمعارف و الاحوال، عبدالل□ بحرانی اصف□انی، مدرس□ الامام الم□دی عج، قم، چ□اپ اول، ۱۳۶۶ش□

۳۵□الغدیر،عبدالحسین امینی (علام□) دارالکتاب العربی، بیروت، چ□اپ پنجم، ۱۴۰۳ق□

۳۶□غررالحکم ودررالحکم، عبدالواحد آمدی، ترجم□ محمد علی انصاری، بی، ت□ران، ۱۳۳۵ش□

۳۷□الفروق اللغوی□، ابی □لال عسگری، مکتب□ بصیرتی، قم،۱۳۵۳ش□

۳۸ـفرهنگ جامع، احمدسیاح، کتابفروشی اسلام، بی جا، چهاپ۱۴، بی تاـ

۳۹ـالفهرست ،محمدا بن حسن طوسی (شیخ) بی نا، بی جا، بی تاـ

۴۰ـفی ظلال الصحیفه السجادیه، محمد جواد مغنیه، تحقیق سامی الغریری، دارالکتاب اسلامی،چهاپ اول، بی جا، ۱۴۲۳قـ

۴۱ـقاموس الصیحفه ، سید ابوالفضل حسینی، بی نا، بی جا، ۱۳۹۸قـ

۴۲ـمجمع البحرین، فخرالدین طریحی، المکتبه المرتضویه، تهران، چ ۲، ۱۳۹۵قـ

۴۳ـمجمع البیان فی تفسیر القرآن، فضل ابن حسن طبرسی، مکتبه آیه الله العظمی مرعشی نجفی، قم،۱۴۰۳قـ

۴۴ـالمعجم المفهرس لالفاظ القرآن الکریم، محمد فواد عبدالباقی، اسماعیلیان، قم، بی تاـ

۴۵ـمعجم مقاییس اللغه، احمد ابن فارس،تحقیق:عبدالسلام هارون، دفترتبلیغات اسلامی،قم، ۱۴۰۴قـ

۴۶ـمفاتیح الجنان، عباس محدث قمی، بی نا، بی جا، بی تاـ

۴۷ـالمفردات فی غریب القرآن، حسین ابن محمد اصفهانی (راغب)،المکتبه المرتضویه، تهران، بی تاـ

۴۸ـنورالانوارفی شرح الصحیفه السجادیه، سید نعمت الله جزایری، بی نا، چهاپ سنگی، بی جا، ۱۳۱۶قـ

کے بارے میں مرکز

بسم الله الرحمن الرحيم والحمد لله رب العالمين

کوثر وجود زہرائے مرضیہ سلام اللہ علیہا کی بارگاہ میں پیش ہے

هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ

کیا علم والے اور جاہل برابر ہو سکتے ہیں؟ سورہ زمر/ ۹

تعارف:

تعارف:

کمپیوٹر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ اصفہان، ۲۰۰۷ سے حضرت آیت اللہ حاج سید حسن فقیہ امامی (قدس سرہ الشریف)، کی زیر نگرانی ، یونیورسٹی اور حوزہ علمیہ کے علماء اور ماہرین و مفکرین کی مخلصانہ اور روزانہ کی انتھک کوششوں کے ساتھ مذہبی، ثقافتی اور علمی شعبوں میں اپنی سرگرمیاں شروع کی ہیں۔

منشور:

کمپیوٹر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ اصفہان نے اسلامی علوم کے میدان میں محققین ومفکرین کو کتابوں تک تیز رفتار طریقہ سے پہنچانے کا بیڑا اٹھایا ہے،اور یہ دیکھتے ہوئے کہ اس میدان میں کام کرنے والے سرگرم ادارے اور مراکزبکھرے ہوئے اور جدا جدا ہیں جن تک رسائی بھی ناممکن لگتی ہے اس لئے صرف اور صرف علمی فائدے کو مدّنظر رکھتے ہوئے اور ہر طرح کے ذاتی تعصب ،سماجی نقطہ اختلاف ،قومی اور قبائلی اختلاف کو پرے جھٹکتے ہوئےایک پروجیکٹ کا ڈھانچہ اس بنیاد پرقائم کیا کہ : »شیعہ مراکز اور ادارے کی تخلیق کردہ اور شائع کردہ تمام کتابوں اور انکےکاموں کو نظم وضبط اور ترتیب وتنظیم دیتے ہوئے انہیں یکجا کردیں« تاکہ اس کوشش کے ذریعے ماہرین اور محققین کے پاس کتابوں اور تحقیقی مقالات کا انبار ہواور انکی جیب میں دنیا جہاں کا کتابخانہ موجود ہو تاکہ وہ ہر دم اس سے فائدہ اٹھا سکیں، تعلیم یافتہ نسل اور تمام طبقات کے لئے مفید مواد مختلف زبانوں اور مختلف فارمیٹس میں تیار کرنا اور اسے سائبر اسپیس میں مفت منتشر کرنا اور دلچسپی رکھنے والوں تک پیغام اہلبیت علیہم السلام پہنچانا ہمارا مقصد ہے۔

ہمارے مقاصد:

اسلامی ثقافت اور معارف ناب ثقلین کا فروغ اور ترویج و توسیع (کتاب اللہ و اهل البیت علیهم السلام)

لوگوں ،اور خاص طور پر نوجوانوں کی عام حوصلہ افزائی تاکہ وہ مذہبی مسائل زیادہ قریب سے سمجھ سکیں

موبائل، ٹیبلٹ اور کمپیوٹرز میں بیکار اور بیہودہ مواد کے بجائے مفید مواد کو بڑھانا۔

مدرسہ اور یونیورسٹی کےمحققین و مفکرین کے لئے خدمات فراہم کرنا

لوگوں میں مطالعہ کی عمومی ثقافت کو عام کرنا

اپنی اشاعتوں کو ڈیجیٹل بنانے کے لئے پبلشروں اور مصنفین کو ترغیب دلانا ۔

پالیسی:

قانونی لائسنس اور اجازت ک□ مطابق کام کرنا

□م فکر اور □م سو مراکز ک□ سات□ تعلقات و مواصلات

متوازی اور تکراری کام س□ بچنا

صرف علمی مواد فرا□م کرنا

اشاعت ک□ ذرائع کا ذکر

ظا□ر □□ک□ تمام کتابو□ می□ مندرج چیزو□ کی ذم□ داری مصنف پر □□□

□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□

انس□ی □یو□ کی دیگر سرگرمیا□:

کتابی□، کتابچ□ اور دیگر ای□یشن کی اشاعت

کتاب پ□□ن□ ک□ مقابلو□ کا انعقاد

مجازی نمائشو□ کانعقاد: ت□ری □ی، مذ□بی جگ□و□ می□ پنورما، سیاحت اور ...

اینیمیشن کی تخلیق ،کمپیو□ر ک□یل وغیر□□□□

اس ا□ریس ک□ سات□ ویب سائ□ شروع کرنا: www.ghaemiyeh.com

□رامائی پرو□کشن، لیکچرز اور ...

مذ□بی، اخلاقی اور نظریاتی و عقائدی سوالات ک□ جواب دین□ ک□ نظام کی شروعات اور حمایت

اکاؤن□نگ سس□م، می□یا بنان□ والا، موبائل میکر، بلوتوت خودکار اور دستی نظام، ویب کیوسک، ایس ایم ایس اور ...کی نظام سازی

عوام ک□ لئ□ مجازی تعلیمی نصاب اور □ریننگ کورسز (مجازی)

□یچر □ریننگ کورسز(مجازی)

۱. کمپیو□رز ،□یبل□ اور موبائل ک□ لئ□ گلوبل فارمی□س می□ مختلف قسم ک□ ریسرچ ساف□ ویئر کی تولید و تخلیق : JAVA
۲. ANDROID
۳. EPUB
۴. CHM
۵. PDF
۶. HTML
۷. CHM
۸. GHB

۱. چار عدد مارک□ کتاب قائمی□ ک□ نام س□ ،ورژن: ANDROID
۲. IOS
۳. WINDOWS PHONE
۴. WINDOWS

تین زبانو□ فارسی، عربی اور انگریزی می□ انس□ی □یو□ کی ویب سائ□ پر مفت می□ دستیاب □□□

□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□

اختتامی کلمات:

□م □ر اس ادار□ ، مرکز، مراجع معظم تقلید ک□ دفاتر، تنظیمو□ ، ناشرین، مصنفین اور تمام معزز بزرگو□ اور دوستو□ جن□و□ ن□ □می□ اس مقصد تک پ□نچن□ می□ □ماری مدد کی یا اپن□ □ی□ا کو □مار□ اختیار می□ قرار دیا شکر گذار □ی□□

□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□□

مرکزی دفتر کا پت□:

اصف□ان —خیابان عبدالرزاق - بازارچه حاج محمد جعفر آباده ای - کوچه ش□ید محمد حسن توکلی -پلاک ۱۲۹- طبقه اول

ویب سائ□: www.ghaemiyeh.com

ای میل: Info@ghbook.ir

مرکزی دفتر □یلی فون: ۰۰۹۸۳۱۳۴۴۹۰۱۲۵

ت□ران □یلی فون: ۰۲۱ ۸۸۳۱۸۷۲۲

تجارت اور فروخت: ۰۰۹۸۹۱۳۲۰۰۰۱۰۹

صارفین ک□ معاملات: ۰۰۹۸۹۱۳۲۰۰۰۱۰۹

قائمیه
مرکز تحقیقات رایانه‌ای
اصفهان
www
برای داشتن کتابخانه های‌تخصصی
دیگر به سایت این مرکز به نشـــانی
www.Ghaemiyeh.com
www.Ghaemiyeh.net
www.Ghaemiyeh.org
www.Ghaemiyeh.ir
مراجعه و برای سفارش با ما تماس بگیرید.
۰۹۱۳ ۲۰۰۰ ۱۰۹